Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Kya Ghaziyan-e-Fauj-e-Khuda Naam Kar Gaye

کیا غازیانِ فوجِ خدا نام کر گئے

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Kya ghaziyan-e-fauj-e-Khuda naam kar gaye	کیا غازیانِ فوجِ خدا نام کر گئے
Laakhon se tishna kaam lare kaam kar gaye	لاکھوں سے تشنہ کام لڑے کام کر گئے
Ummat ki maghfirat ka sar anjam kar gaye	امت کی مغفرت کا سر انجام کر گئے
Faiz apna misl-e-abr-e-karam aam kar gaye	فیض اپنا مثلِ ابر کرم عام کر گئے
Parhte hain sab durood jo zikr un ke hote hain	پڑھتے ہیں سب درود جو ذکر ان کے ہوتے ہیں
Aise bashar wo the ke malak jin ko rote hain	ایسے بشر وہ تھے کہ ملک جن کو روتے ہیں

What a name the warriors of God's army won!
Thirsty, they fought hundreds of thousands and did their task;
They secured the forgiveness of the community;
Like a cloud of mercy they spread their bounty to all.
When they are spoken of, all recite blessings;
Such men were they that the angels weep for them.

Free to read, copy and share

2

Deendar-o-sarfarosh-o-shuja-o-khush itiqad
دیندار و سرفروش و شجاع و خوش اعتقاد

Haathon mein teghen aur dilon mein Khuda ki yaad
ہاتھوں میں تیغیں اور دلوں میں خدا کی یاد

Zakhmon ko nakhl-e-qad pe wo samjhe gul-e-murad
زخموں کو نخلِ قد پہ وہ سمجھے گلِ مراد

Mardangi ye pyaas mein faaqon mein ye jihad
مردانگی یہ پیاس میں فاقوں میں یہ جہاد

Teghon se band kaun sa un ka kata na tha
تیغوں سے بند کون سا ان کا کٹا نہ تھا

Par marke se paaon kisi ka hata na tha
پر معرکے سے پاؤں کسی کا ہٹا نہ تھا

Devout, ready to give their heads, brave and firm of faith,
Swords in their hands and the remembrance of God in their hearts,
They took the wounds on their tall bodies for the flowers of their desire;
Such manhood in thirst, such fighting in God's way while starving!
Which of their joints had the swords not cut?
Yet not one of them drew back his foot from the battle.

3

Barson rahe ga charkh mein, gar aasmaan-e-peer
برسوں رہے گا چرخ میں، گر آسمانِ پیر

Lekin nazar na aaye ga un ka kahin nazeer
لیکن نظر نہ آئے گا ان کا کہیں نظیر

Gore na un ke paaon, na roo-e-mah-e-muneer
گورے نہ ان کے پاؤں، نہ روئے مہِ منیر

Khursheed jin ke saamne ik zarra-e-haqeer
خورشید جن کے سامنے اک ذرۂ حقیر

Pur khoon qabaayen jism mein, seene tane hue
پرخوں قبائیں جسم میں، سینے تنے ہوئے

Pahunche riyaz-e-khuld mein dulha bane hue
پہنچے ریاضِ خلد میں دولہا بنے ہوئے

Though the ancient sky go on turning for years,
It will never see their like anywhere:
Feet as fair as theirs, or faces like the shining moon,
Before whom the sun is a worthless mote.
Blood-soaked robes on their bodies, their breasts held high,
They reached the gardens of Paradise dressed as bridegrooms.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

4

Rustam utha na sakta tha sar un ke saamne
Sheron ke kaanpte the jigar un ke saamne
Pheeki thi raushani-e-qamar un ke saamne
Urta tha rang-e-roo-e-sahar, un ke saamne
Bakhsha tha noor, Haq ne har ik khush sifat ko
Hota tha din, jo ghar se nikalte the raat ko

رستم اٹھا نہ سکتا تھا سر ان کے سامنے
شیروں کے کانپتے تھے جگر ان کے سامنے
پھیکی تھی روشنیِ قمر ان کے سامنے
اڑتا تھا رنگ روئے سحر، ان کے سامنے
بخشا تھا نور، حق نے ہر اک خوش صفات کو
ہوتا تھا دن، جو گھر سے نکلتے تھے رات کو

Rustam could not raise his head before them;
The hearts of lions trembled before them;
The moonlight was pale before them;
The colour fled from the face of dawn before them.
God had given light to every one of those fine souls;
When they left their homes at night, it became day.

5

Peshaniyon pe jalwa numa akhtar-e-sujood
Dekhen jo un ka noor to qudsi parhen durood
Rukh se ayan jalal-o-jawanmardi-o-namood
Shaida-e-aal, shefta-e-wajib-ul-wujood
Jeene ki shah-e-deen ko dua de ke mar gaye
Iman ke aaina ko jila de ke mar gaye

پیشانیوں پہ جلوہ نما اختر سجود
دیکھیں جو ان کا نور تو قدسی پڑھیں درود
رخ سے عیاں جلال و جوانمردی و نمود
شیدائے آل، شیفتۂ واجب الوجود
جینے کی شاہ دیں کو دعا دے کے مر گئے
ایماں کے آئینہ کو جِلا دے کے مر گئے

On their foreheads shone the star of prostration;
When the angels saw their light, they recited blessings;
Majesty, gallantry and splendour shone from their faces;
Devoted to the Family, enamoured of the Necessary Being,
They died praying for the life of the King of the faith;
They died having polished the mirror of faith.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Taaseer kar gayi thi unhen sohbat-e-Imam
Tha naza mein bhi khushk labon pe Khuda ka naam
Labrez the mohabbat-e-Haidar se dil ke jaam
Zi qadr, zi shaoor, dilawar khujasta kaam
Lashkar jo un pe toot pare Shaam-o-Room ke
Talwaren khaayin jism pe kya jhoom jhoom ke

تاثیر کر گئی تھی انہیں صحبتِ امام
تھا نزع میں بھی خشک لبوں پہ خدا کا نام
لبریز تھے محبت حیدرؑ سے دل کے جام
ذی قدر، ذی شعور، دلاور خجستہ کام
لشکر جو ان پہ ٹوٹ پڑے شام و روم کے
تلواریں کھائیں جسم پہ کیا جھوم جھوم کے

The company of the Imam had worked its effect on them;
Even in their death throes God's name was on their dry lips;
The cups of their hearts brimmed with love for Haidar;
Men of worth and understanding, brave and blessed in their deeds;
When the armies of Syria and Rum fell upon them,
How gladly they took the swords upon their bodies!

7

Laakhon mein intikhab hazaron mein la jawab
Tha khushk-o-tar pe jin ka karam surat-e-sahab
Wo noor, wo jalal, wo raunaq, wo aab-o-taab
Zahra ke ghar ke chaand, zamaane ke aftab
Bas yak ba yak jahan mein andhera sa chha gaya
Din bhi dhala na tha ke zawal un pe aa gaya

لاکھوں میں انتخاب ہزاروں میں لاجواب
تھا خشک و تر پہ جن کا کرم صورتِ سحاب
وہ نور، وہ جلال، وہ رونق، وہ آب و تاب
زہرا کے گھر کے چاند، زمانے کے آفتاب
بس یک بہ یک جہاں میں اندھیرا سا چھا گیا
دن بھی ڈھلا نہ تھا کہ زوال ان پہ آگیا

Chosen out of hundreds of thousands, peerless among thousands,
Their kindness fell like rain-clouds on dry and wet alike;
That light, that majesty, that splendour, that lustre!
Moons of Zahra's house, suns of the age!
Then all at once a kind of darkness spread over the world;
The day had not yet declined when their decline came.

Free to read, copy and share

8

Gul ho gaye Aqeel ki turbat ke jab chiragh
گل ہو گئے عقیلؑ کی تربت کے جب چراغ

Jafar ke laadlon ne diye shah ke dil ko daagh
جعفر کے لاڈلوں نے دیئے شہ کے دل کو داغ

Matam se bhaanjon ke hua tha na infiragh
ماتم سے بھانجوں کے ہوا تھا نہ انفراغ

Pamal ho gaya, Hasan-e-Mujtaba ka baagh
پامال ہو گیا، حسنِ مجتبیٰ کا باغ

Laashe uthaaye jang kare ya buka kare
لاشے اٹھائے جنگ کرے یا بکا کرے

Jis par giren ye koh-e-musibat wo kya kare
جس پر گریں یہ کوہ مصیبت وہ کیا کرے

When the lamps of Aqeel's grave had been put out,
And Jafar's darlings had scarred the King's heart,
He had not yet finished mourning his nephews
When the garden of Hasan Mujtaba was trampled.
Should he carry the bodies, or fight, or weep?
What can one do on whom such mountains of calamity fall?

9

Sadma ye tha ke lutne lagi daulat-e-pidar
صدمہ یہ تھا کہ لٹنے لگی دولتِ پدر

Nikle nabard ko Asadullah ke pisar
نکلے نبرد کو اسد اللہ کے پسر

Maare gaye jihad mein jis dam wo sher-e-nar
مارے گئے جہاد میں جس دم وہ شیر نر

Rukhsat hue Husain se Abbas-e-namwar
رخصت ہوئے حسینؑ سے عباسؑ نام ور

Darya bahe lahu ke bara kusht-o-khoon hua
دریا بہے لہو کے بڑا کشت و خوں ہوا

Dhalti thi dopahar ke alam sar nigoon hua
ڈھلتی تھی دوپہر کہ علم سرنگوں ہوا

The blow was this: his father's treasure began to be plundered;
The sons of the Lion of God went out to battle;
When those lions fell fighting in God's way,
The renowned Abbas took leave of Husain;
Rivers of blood flowed; there was great slaughter;
Noon was declining when the standard was brought low.

Free to read, copy and share

10

Peeri mein qahr hai, khabar-e-marg-e-naujawan
پیری میں قہر ہے، خبر مرگ نوجواں

Reti pe thar thara ke gire shah-e-ins-o-jaan
ریتی پہ تھر تھرا کے گرے شاہِ انس و جاں

Niklin saron ko peetti, kheme se bibiyan
نکلیں سروں کو پیٹتی، خیمے سے بیبیاں

Tha khana-e-Ali mein talatum ke al aman
تھا خانۂ علی میں تلاطم کہ الاماں

Yun ghar ulat palat tha Imam-e-Hijaz ka
یوں گھر الٹ پلٹ تھا امامِ حجاز کا

Jis tarah toot jaata hai langar jahaz ka
جس طرح ٹوٹ جاتا ہے لنگر جہاز کا

In old age the news of a young man's death is a calamity:
The King of men and jinn trembled and fell upon the sand;
The women came out of the tent beating their heads;
In the house of Ali there was such turmoil, God protect us!
The house of the Imam of Hijaz was thrown into confusion
As when a ship's anchor breaks.

11

Ghul tha ke khoon mein bhar gaya saqqa-e-Ahl-e-Bait
غل تھا کہ خوں میں بھر گیا سقائے اہل بیت

Duniya se kooch kar gaya, saqqa-e-Ahl-e-Bait
دنیا سے کوچ کر گیا، سقائے اہل بیت

Hum lut gaye guzar gaya saqqa-e-Ahl-e-Bait
ہم لٹ گئے گذر گیا سقائے اہل بیت

Faryad hai ke mar gaya, saqqa-e-Ahl-e-Bait
فریاد ہے کہ مر گیا، سقائے اہل بیت

Hae hae kahan se apne bahishti ko laayen ge
ہے ہے کہاں سے اپنے بہشتی کو لائیں گے

Sookhi zaban, ab kise bachche dikhaayen ge
سوکھی زبان، اب کسے بچے دکھائیں گے

There was a cry: "The water-bearer of the Household is drenched in blood;
The water-bearer of the Household has departed this world;
We are plundered; the water-bearer of the Household is gone;
Woe, the water-bearer of the Household is dead!
Alas, alas, where shall we find our water-carrier now?
To whom will the children show their parched tongues now?"

Free to read, copy and share

12

Hilta tha khema rote the yun Ahl-e-Bait-e-shah
ہلتا تھا خیمہ روتے تھے یوں اہل بیت شاہ

Sadme se haal-e-zauja-e-Abbas tha tabah
صدمے سے حالِ زوجۂ عباسؑ تھا تباہ

Chillaati thi ke nahr ki mujh ko batao raah
چلاتی تھی کہ نہر کی مجھ کو بتاؤ راہ

Looti gayi main dasht-e-pur aafat mein aah aah
لوٹی گئی میں دشت پُر آفت میں آہ آہ

Kham the gira tha koh-e-musibat Husain par
خم تھے گرا تھا کوہِ مصیبت حسینؑ پر

Matam tha bibiyon mein Sakina ke bain par
ماتم تھا بیبیوں میں سکینہؑ کے بین پر

The tent shook, so loudly did the King's household weep;
Abbas's wife was shattered by the blow;
She cried out, "Show me the way to the river!
I have been plundered in this wilderness of calamity, alas, alas!"
Husain was bowed down: a mountain of calamity had fallen on him;
The women mourned at Sakina's lament.

13

Matam idhar tha, jashn mein the ahl-e-shar udhar
ماتم ادھر تھا، جشن میں تھے اہل شر اُدھر

Bajte the shadiyana-e-fath-o-zafar udhar
بجتے تھے شادیانۂ فتح و ظفر اُدھر

Inam baantta tha har ik ko Umar udhar
انعام بانٹتا تھا ہر اک کو عمر ادھر

Rote the dekh dekh ke Hazrat idhar udhar
روتے تھے دیکھ دیکھ کے حضرت اِدھر اُدھر

Ghul tha ke bas Husain bahut roye bhai ko
غل تھا کہ بس حسینؑ بہت روئے بھائی کو

Koi jawan ho aur to bhejo larai ko
کوئی جواں ہو اور تو بھیجو لڑائی کو

Here there was mourning; there the wicked were celebrating;
There the drums of victory and triumph were beating;
There Umar ibn Saad was handing out rewards to everyone;
Here the Hazrat wept, looking this way and that.
There was a cry: "Enough, Husain, you have wept enough for your brother;
If you have another young man, send him out to fight!"

Free to read, copy and share

14

Baqi nahin koi to wigha ko khud aaiye
باقی نہیں کوئی تو وِغا کو خود آیئے

Haidar ki Zulfiqar ke jauhar dikhaaiye
حیدرؑ کی ذوالفقار کے جوہر دکھایئے

Zakhm-e-sinan-o-khanjar-o-shamsheer khaaiye
زخمِ سنان و خنجر و شمشیر کھایئے

Garmi bari hai aaj lahu mein nahaaiye
گرمی بڑی ہے آج لہو میں نہایئے

Aamada hum to der se bahr-e-sitez hain
آمادہ ہم تو دیر سے بہرِ ستیز ہیں

Teghen bhi hain upi hui khanjar bhi tez hain
تیغیں بھی ہیں اُپی ہوئی خنجر بھی تیز ہیں

"If no one is left, come out to battle yourself;
Show us the temper of Haidar's Zulfiqar;
Take the wounds of spearhead, dagger and sword;
It is very hot today: bathe in blood.
We have long been ready for the fight;
Our swords are burnished and our daggers sharp."

15

Kaate hain jis ne bazu-e-lakht-e-dil-e-Amir
کاٹے ہیں جس نے بازوئے لختِ دلِ امیر

Hai khoob aabdar, wo shamsheer-e-be nazeer
ہے خوب آبدار، وہ شمشیرِ بے نظیر

Chheda hai jis se mashk ko maujood hai wo teer
چھیدا ہے جس سے مشک کو موجود ہے وہ تیر

Har gurz wo hai, zarb se jis ki hue akheer
ہر گرز وہ ہے، ضرب سے جس کی ہوئے اخیر

Tarpe the jis se mashk ko daanton se chhor kar
تڑپے تھے جس سے مشک کو دانتوں سے چھوڑ کر

Barchhi ye hai jo nikli thi pehlu ko tor kar
برچھی یہ ہے جو نکلی تھی پہلو کو توڑ کر

"That which cut off the arms of the Commander's beloved son,
That matchless sword, is keen indeed;
The arrow that pierced the water-skin is here;
Here is every mace by whose blow he met his end;
That by which he writhed and let the water-skin fall from his teeth
Is this lance, which came out breaking through his side."

Free to read, copy and share

16

Sabir bare hain aap to ya shah-e-ins-o-jaan
صابر بڑے ہیں آپ تو یا شاہِ انس و جاں

Ik bhai ke firaq mein ye nala-o-fughan
اک بھائی کے فراق میں یہ نالہ و فغاں

Rone se ji uthen ge na Abbas-e-naujawan
رونے سے جی اٹھیں گے نہ عباسِ نوجواں

Hazrat pukaarte hain kise, bhai ab kahan
حضرت پکارتے ہیں کسے، بھائی اب کہاں

Milta hai kab jahan mein bhala jo guzar gaya
ملتا ہے کب جہاں میں بھلا جو گزر گیا

Ab fikr apni kijiye wo sher mar gaya
اب فکر اپنی کیجئے وہ شیر مر گیا

"You are very patient, they say, O King of men and jinn;
Yet such wailing and lament at the loss of one brother!
Weeping will not bring the young Abbas back to life;
Whom are you calling, sir? Where is your brother now?
When is one who has gone ever found again in the world?
Now look to yourself: that lion is dead."

17

Akbar ne ki ghazab ki nazar soo-e-fauj-e-Shaam
اکبر نے کی غضب کی نظر سوئے فوج شام

Kaanpe ye ghaiz se ke ugalne lagi husam
کانپے یہ غیظ سے کہ اگلنے لگی حسام

Ki arz haath jor ke ae qibla-e-anam
کی عرض ہاتھ جوڑ کے اے قبلۂ انام

Sunte hain aap lashkar-e-aada ka ye kalam
سنتے ہیں آپ لشکرِ اعدا کا یہ کلام

Khoon tan mein josh khaata hai hangam-e-jang hai
خوں تن میں جوش کھاتا ہے ہنگام جنگ ہے

Maula bas ab to hausla-e-sabr tang hai
مولا بس اب تو حوصلۂ صبر تنگ ہے

Akbar cast a furious look towards the army of Syria;
He shook with such rage that his sword began to leap from its sheath;
Folding his hands he said, "O Qibla of mankind,
Do you hear what the enemy army is saying?
The blood boils in my body; it is the hour of battle;
My master, my patience is at an end."

Free to read, copy and share

18

Un ke kalam sunne ki kis ke jigar mein hai taab
ان کے کلام سننے کی کس کے جگر میں ہے تاب

Khadim zaban-e-tegh se de ga unhen jawab
خادم زبانِ تیغ سے دے گا انہیں جواب

Kya apne dil mein samjhe hain, ye khanuman kharab
کیا اپنے دل میں سمجھے ہیں، یہ خانماں خراب

Nara karoon to sher ka zahra ho aab aab
نعرہ کروں تو شیر کا زہرہ ہو آب آب

Aadab-e-shah se nahin hum bol sakte hain
آداب شاہ سے نہیں ہم بول سکتے ہیں

Zakhm-e-jigar pe ab to namak ye chhirakte hain
زخمِ جگر پہ اب تو نمک یہ چھڑکتے ہیں

"Whose heart has the strength to bear their words?
Your servant will answer them with the tongue of the sword;
What do these ruined wretches imagine?
If I roar, a lion's courage will turn to water;
Out of respect for the King I cannot speak,
But now they are pouring salt on the wound of my heart."

19

Hum ko ye taan-o-tanz ki baaten nahin pasand
ہم کو یہ طعن و طنز کی باتیں نہیں پسند

Kufe mein len ge dam jo uthaayen ge phir samand
کوفے میں لیں گے دم جو اٹھائیں گے پھر سمند

Honton pe gham se ab hai, yahan jaan-e-dardmand
ہونٹوں پہ غم سے اب ہے، یہاں جانِ دردمند

Kaaten tabar se, tegh se khanjar se band band
کاٹیں تبر سے، تیغ سے خنجر سے بند بند

Hans hans ke jism par, tabar-o-teer khaayen ge
ہنس ہنس کے جسم پر، تبر و تیر کھائیں گے

Tegh-e-zaban ke zakhm uthaaye na jaayen ge
تیغِ زباں کے زخم اٹھائے نہ جائیں گے

"I cannot bear these taunts and jibes;
If I spur my steed again, I will not stop for breath till Kufa;
Here my aching soul has come to my lips with grief;
Let them cut me joint by joint with axe, sword and dagger:
Laughing, I will take axe and arrow on my body,
But the wounds of the sword of the tongue I cannot bear."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

20

Ghabra ke dekhne lage bete ke munh ko shah
گھبرا کے دیکھنے لگے بیٹے کے منہ کو شاہ

Farmaya khair keh len jo kehte hain ru siyah
فرمایا خیر کہہ لیں جو کہتے ہیں روسیاہ

Kyun kaanpte ho ghaiz se, ae mere rashk-e-maah
کیوں کانپتے ہو غیظ سے، اے میرے رشک ماہ

Lazim hai sabr-o-shukr ke raazi rahe ilah
لازم ہے صبر و شکر کہ راضی رہے الٰہ

Ghussa isi tarah agar aaye ga aap ko
غصہ اسی طرح اگر آئے گا آپ کو

Khanjar ke neeche dekho ge kis tarah baap ko
خنجر کے نیچے دیکھو گے کس طرح باپ کو

Alarmed, the King looked at his son's face;
He said, "Well, let the black-faced ones say what they say;
Why do you tremble with rage, you who are the envy of the moon?
Patience and thanks are our duty, that God may be pleased;
If you grow angry like this,
How will you bear to see your father beneath the dagger?"

21

Barham na ho tumhen, sar-e-Shabbir ki qasam
برہم نہ ہو تمہیں، سر شبیرؑ کی قسم

Lo ghar mein jaao khair samajh len ge un se hum
لو گھر میں جاؤ خیر سمجھ لیں گے ان سے ہم

Dekho hamen ke bhai ke bazu hue qalam
دیکھو ہمیں کہ بھائی کے بازو ہوئے قلم

Talwar, dil pe chal gayi, maara na hum ne dam
تلوار، دل پہ چل گئی، مارا نہ ہم نے دم

Sab jal ke khaak hon jo abhi bad dua karoon
سب جل کے خاک ہوں جو ابھی بددعا کروں

Par ummat-e-nabi hai, bajuz sabr kya karoon
پر امت نبی ہے، بجز صبر کیا کروں

"Do not be angry; I swear it on Shabbir's head;
There, go to the tents; I will deal with them;
Look at me: my brother's arms were cut off,
The sword fell upon my heart, yet I did not utter a word;
If I cursed them now, they would all burn to dust;
But they are the Prophet's community; what can I do but be patient?"

Free to read, copy and share

22

Ye sun ke zard ho gaye hum shakl-e-Mustafa
یہ سن کے زرد ہو گئے ہم شکلِ مصطفی

Ro kar kaha ye karte hain irshad aap ka
رو کر کہا یہ کرتے ہیں ارشاد آپ کا

Wo waqt, wo ghari, na dikhaaye hamen Khuda
وہ وقت، وہ گھڑی، نہ دکھائے ہمیں خدا

Baba na ho to bete ke jeene ka kya maza
بابا نہ ہو تو بیٹے کے جینے کا کیا مزہ

Aamada-e-fana hain, khushi dil se faut hai
آمادۂ فنا ہیں، خوشی دل سے فوت ہے

Phir Khizr ki hayat mile gar to maut hai
پھر خضرؑ کی حیات ملے گر تو موت ہے

Hearing this, the one who resembled Mustafa turned pale;
Weeping, he said, "I will do as you bid;
But may God never show me that time, that hour:
If the father is gone, what joy is there in the son's living?
I am ready to die; joy has died in my heart;
After that, even the life of Khizr would be death."

23

Kya pehle sar kataaiye ga ya shah-e-zaman
کیا پہلے سر کٹائیے گا یا شہِ زماں

Kis ishtiyaq se shah-e-deen ne kaha ke haan
کس اشتیاق سے شہ دیں نے کہا کہ ہاں

Aage jo kuchh raza-e-Khuda, ae pidar ki jaan
آگے جو کچھ رضائے خدا، اے پدر کی جاں

Jeete hain peer, saamne marte hain naujawan
جیتے ہیں پیر، سامنے مرتے ہیں نوجواں

Dekho ke chhote bhai ke matam mein rote hain
دیکھو کہ چھوٹے بھائی کے ماتم میں روتے ہیں

Paala tha jin ko hum ne wo darya pe sote hain
پالا تھا جن کو ہم نے وہ دریا پہ سوتے ہیں

"Will you give your head first, O King of the age?"
With what longing the King of the faith said, "Yes;
Beyond that, it is as God wills, life of your father;
The old live on, and the young die before their eyes.
See how I weep in mourning for my younger brother;
He whom I raised lies asleep by the river."

Free to read, copy and share

24

Ye keh ke uth khare hue sultan-e-bahr-o-bar
Patke se baandhne lage, tooi hui kamar
Qadmon pe gir pare, Ali Akbar ba chashm-e-tar
Ki arz rahm kijiye, mar jaaye ga pisar
Aage mere jo ho gi shahadat Imam ki
Duniya mein aabru na rahe gi ghulam ki

یہ کہہ کے اٹھ کھڑے ہوئے سلطانِ بحر و بر
پٹکے سے باندھنے لگے، ٹوٹی ہوئی کمر
قدموں پہ گر پڑے، علیؑ اکبر بہ چشمِ تر
کی عرض رحم کیجئے، مر جائے گا پسر
آگے مرے جو ہو گی شہادت امام کی
دنیا میں آبرو نہ رہے گی غلام کی

Saying this, the Sultan of sea and land stood up
And began to bind his broken back with a sash;
Ali Akbar fell at his feet with tearful eyes
And said, "Have mercy; your son will die;
If the Imam is martyred before my eyes,
Your slave will have no honour left in the world."

25

Chhote the jo ke sin mein bare kar gaye wo kaam
Ya shah kya larai ke qabil nahin ghulam
Ammu ke khoon ka len ge laeenon se intiqam
Hum ne bhi tegh baandhi hai bachpan se ya Imam
Izzat mili hai khalq mein sadqe se aap ke
Beta wahi jo ranj mein kaam aaye baap ke

چھوٹے تھے جو کہ سِن میں بڑے کر گئے وہ کام
یا شاہ کیا لڑائی کے قابل نہیں غلام
عمو کے خوں کا لیں گے لعینوں سے انتقام
ہم نے بھی تیغ باندھی ہے بچپن سے یا امام
عزت ملی ہے خلق میں صدقے سے آپ کے
بیٹا وہی جو رنج میں کام آئے باپ کے

"Those who were young in years have done great deeds;
O King, is your slave not fit for battle?
I will take revenge on the accursed for my uncle's blood;
I too have worn a sword since childhood, O Imam;
Whatever honour I have in the world I owe to you;
A true son is one who serves his father in his grief."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

26

Insaf aap kijiye ya sarwar-e-Arab
انصاف آپ کیجئے یا سرورِ عرب

Beta to ghar mein baithe, lare baap tishna lab
بیٹا تو گھر میں بیٹھے، لڑے باپ تشنہ لب

Maara gaya na aaj, to kal ye kahen ge sab
مارا گیا نہ آج، تو کل یہ کہیں گے سب

Kaisa lahu safed hai, duniya ka hai ghazab
کیسا لہو سفید ہے، دنیا کا ہے غضب

Sar ko kata ke baap jahan se guzar gaya
سر کو کٹا کے باپ جہاں سے گزر گیا

Beta jawan, baap ke aage na mar gaya
بیٹا جوان، باپ کے آگے نہ مر گیا

"Judge for yourself, O Chief of Arabia:
Should the son sit at home while the father fights, thirsty?
If I am not killed today, tomorrow all will say,
'How white his blood is! What a shame upon the world!
The father gave his head and passed from the world,
And his grown son did not die before him!'"

27

Bahr-e-rasool ran ki raza dijiye mujhe
بہرِ رسول رن کی رضا دیجئے مجھے

Sadqa Ali ka, izn-e-wagha dijiye mujhe
صدقہ علی کا، اذن وغا دیجئے مجھے

Marta hoon ya Imam, jila dijiye mujhe
مرتا ہوں یا امام، جلا دیجئے مجھے

Yaad-e-Khuda mein dil se bhula dijiye mujhe
یادِ خدا میں دل سے بھلا دیجئے مجھے

Kholen kamar, Huzoor to dil ko qarar ho
کھولیں کمر، حضور تو دل کو قرار ہو

Keh dijiye ke ja! Ali Akbar nisar ho
کہہ دیجئے کہ جا! علیؑ اکبر نثار ہو

"For the Messenger's sake, give me leave for the battlefield;
For Ali's sake, give me permission to fight;
I am dying, O Imam: give me life again;
In the remembrance of God, put me out of your heart.
If you would loosen your belt, sir, my heart would be at ease;
Say to me, 'Go, Ali Akbar, give your life!'"

Free to read, copy and share

28

Shah ne kaha tumhen mere dil ki nahin khabar
Pyaare kahan se laaoon main is tarah ka jigar
Hai baap ko asa-e-zaeefi, jawan pisar
Jab tum na ho ge paas to mar jaaye ga pidar
Aise hanse na the ke hamen tum rulaate ho
Shadi ke din jo aaye, to marne ko jaate ho

شہ نے کہا تمہیں مرے دل کی نہیں خبر
پیارے کہاں سے لاؤں میں اس طرح کا جگر
ہے باپ کو عصائے ضعیفی، جواں پسر
جب تم نہ ہو گے پاس تو مر جائے گا پدر
ایسے ہنسے نہ تھے کہ ہمیں تم رلاتے ہو
شادی کے دن جو آئے، تو مرنے کو جاتے ہو

The King said, "You do not know my heart;
Darling, where can I find a heart to bear this?
A grown son is a father's staff in his old age;
When you are no longer near, your father will die.
I have not laughed so much that you should make me weep;
Now that your wedding days have come, you go off to die."

29

Raaten ye aish ki hain muradon ke hain ye din
Poore jawan nahin, abhi kya hai tumhara sin
Akbar teri jawani pe royen ge ins-o-jin
Kyun kar qarar aaye ga maan ko tumhare bin
Kaisi hawa chali, chaman-e-rozgar mein
Sayyid ka baagh lutta hai fasl-e-bahar mein

راتیں یہ عیش کی ہیں مرادوں کے ہیں یہ دن
پورے جواں نہیں، ابھی کیا ہے تمہارا سِن
اکبرؑ تری جوانی پہ روئیں گے انس و جن
کیوں کر قرار آئے گا ماں کو تمہارے بن
کیسی ہوا چلی، چمن روزگار میں
سید کا باغ لٹتا ہے فصلِ بہار میں

"These are nights of delight, days when wishes come true;
You are not yet fully grown; how young you are!
Akbar, men and jinn will weep over your youth;
How will your mother find peace without you?
What a wind has blown through the garden of the world!
The Sayyid's garden is plundered in the season of spring."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

30

Deta agar tumhen koi farzand Zul Jalal — دیتا اگر تمہیں کوئی فرزند ذوالجلال

Hoti pidar ki qadr samajhte hamara haal — ہوتی پدر کی قدر سمجھتے ہمارا حال

Rukhsat ka aap se yun hi karta wo jab sawal — رخصت کا آپ سے یوں ہی کرتا وہ جب سوال

Tab jaante ke dete use rukhsat-e-jidal — تب جانتے کہ دیتے اسے رخصتِ جدال

Kya jaane wo mizaj se is ka mila nahin — کیا جانے وہ مزاج سے اس کا ملا نہیں

Achchha sidhaaro tum se hamen kuchh gila nahin — اچھا سدھارو تم سے ہمیں کچھ گلا نہیں

"If the Lord of Majesty had given you a son,
You would know a father's worth and understand my state;
When he asked you for leave just as you ask me,
Then you would know what it is to give him leave for battle.
How can one know who has never felt it?
Very well, go; I have no complaint against you."

31

Taslim kar ke bole Ali Akbar-e-ghayoor — تسلیم کر کے بولے علیؑ اکبرِ غیور

Laakhon baras jahan mein salamat rahen Huzoor — لاکھوں برس جہاں میں سلامت رہیں حضور

Farmaya shah ne khair ajal bhi nahin hai door — فرمایا شہ نے خیر اجل بھی نہیں ہے دور

Barchhi laga ke dil pe khushamad ye kya zaroor — برچھی لگا کے دل پہ خوشامد یہ کیا ضرور

Taqreer mein pidar ko na ab band kijiye — تقریر میں پدر کو نہ اب بند کیجیے

Kheme mein ja ke maan ko razamand kijiye — خیمے میں جا کے ماں کو رضامند کیجیے

Bowing, the proud Ali Akbar said,
"May you live safe in the world for a hundred thousand years, sir."
The King said, "Well, death too is not far off;
Having struck my heart with a lance, why this flattery?
Do not silence your father with speeches now;
Go into the tent and win your mother's consent."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

32

Hain mubtala-e-ranj bhala kya hamara pyaar
ہیں مبتلائے رنج بھلا کیا ہمارا پیار

Tum se jo pisar hon to is raah mein nisar
تم سے جو پسر ہوں تو اس راہ میں نثار

Har dam Khuda se khair ka hoon main ummeedwar
ہر دم خدا سے خیر کا ہوں میں امیدوار

Haan maan na jaane de to mera kya hai ikhtiyar
ہاں ماں نہ جانے دے تو مرا کیا ہے اختیار

Seene mein dil hile ga badan thar tharaaye ga
سینے میں دل ہلے گا بدن تھر تھرائے گا

Rukhsat ka naam sunte hi ghash us ko aaye ga
رخصت کا نام سنتے ہی غش اس کو آئے گا

"I am sunk in grief; what is my love worth?
If I had sons like you, I would give them all in this path;
Every moment I hope for good from God;
But if your mother will not let you go, what power have I?
Her heart will shake in her breast, her body will tremble;
At the very word 'leave' she will faint."

33

Sab jaante hain jo hai phuphi ko tumhari chaah
سب جانتے ہیں جو ہے پھوپھی کو تمہاری چاہ

Maloom ho ga jaao ge jab soo-e-khema gah
معلوم ہو گا جاؤ گے جب سوئے خیمہ گاہ

Baahen gale mein daale gi Zainab ba ashk-o-aah
باہیں گلے میں ڈالے گی زینبؑ بہ اشک و آہ

Qadmon pe gir ke aap ki maan hogi sadd-e-raah
قدموں پہ گر کے آپ کی ماں ہوگی سَدِ راہ

Ye marhala bhi kam nahin zanjeer-o-tauq se
یہ مرحلہ بھی کم نہیں زنجیر و طوق سے

Donon raza jo den to chale jaao shauq se
دونوں رضا جو دیں تو چلے جاؤ شوق سے

"Everyone knows how much your aunt loves you;
You will find out when you go to the tents:
Zainab will throw her arms round your neck, weeping and sighing;
Your mother will fall at your feet and bar your way.
This trial too is no lighter than chains and fetters;
If both give their consent, then go gladly."

Free to read, copy and share

34

Rote hue chale Ali Akbar soo-e-khiyam
روتے ہوئے چلے علیؑ اکبر سوئے خیام

Kaanpa ye dil ke baith gaye khaak par Imam
کانپا یہ دل کہ بیٹھ گئے خاک پر امام

Rota hua jo deorhi se aaya wo nek naam
روتا ہوا جو ڈیوڑھی سے آیا وہ نیک نام

Dauri pisar ko dekh ke Bano-e-tishna kaam
دوڑی پسر کو دیکھ کے بانوئے تشنہ کام

Daaman se aa ke baali Sakina chimat gayi
دامن سے آ کے بالی سکینہؑ چمٹ گئی

Zainab balaayen le ke gale se lipat gayi
زینبؑ بلائیں لے کے گلے سے لپٹ گئی

Weeping, Ali Akbar set off towards the tents;
The Imam's heart shook so that he sat down on the ground;
When that youth of good name came weeping through the entrance,
The thirsty Bano ran towards her son;
Little Sakina came and clung to his skirt;
Zainab took his troubles upon herself and hugged him.

35

Maan gird phir ke boli ke ae mere gulizar
ماں گرد پھر کے بولی کہ اے میرے گلعذار

Tum subh se gaye the ab aaye ye maan nisar
تم صبح سے گئے تھے اب آئے یہ ماں نثار

Dar par tarap tarap ke main jaati thi baar baar
در پر تڑپ تڑپ کے میں جاتی تھی بار بار

Kholo bas ab kamar ke mera dil hai be qarar
کھولو بس اب کمر کہ مرا دل ہے بے قرار

Garmi ye aur qaht kai din se aab ka
گرمی یہ اور قحط کئی دن سے آب کا

Rukh tamtama gaya hai mere aftab ka
رخ تمتما گیا ہے مرے آفتاب کا

His mother circled round him and said, "My rose-cheeked one,
You went out at dawn and have only now come back; your mother would die for you;
Again and again I went restlessly to the door;
Now loosen your belt, for my heart is uneasy.
This heat, and no water for so many days!
The face of my sun is flushed red."

Free to read, copy and share

36

Tar hai qaba paseene mein pankha koi bulao
ترہے قبا پسینے میں پنکھا کوئی بلاؤ

Saanwla gaye ho dhoop mein, waari hawa mein aao
سونلا گئے ہو دھوپ میں، واری ہوا میں آؤ

Jhaaroon rida se gard main, zulfon ki, baith jaao
جھاڑوں ردا سے گرد میں، زلفوں کی، بیٹھ جاؤ

Ghat jaaye ga lahu mera aansoo na tum bahao
گھٹ جائے گا لہو مرا آنسو نہ تم بہاؤ

Sadma jo dil pe ho use kuchh munh se kehte hain
صدمہ جو دل پہ ہو اسے کچھ منہ سے کہتے ہیں

Kya hai jo ashk nargisi aankhon se bahte hain
کیا ہے جو اشک نرگسی آنکھوں سے بہتے ہیں

"Your robe is wet with sweat; someone bring a fan;
You have grown dark in the sun; come into the breeze, my darling;
Sit down, and let me brush the dust from your hair with my mantle;
My blood will dry up; do not shed tears.
Whatever grief weighs on the heart, one speaks of it a little;
What is it that makes tears flow from your narcissus eyes?"

37

Sughra ki to watan se kuchh aayi nahin khabar
صغرا کی تو وطن سے کچھ آئی نہیں خبر

Jaldi kaho ke munh se nikalta hai ab jigar
جلدی کہو کہ منھ سے نکلتا ہے اب جگر

Akbar ne arz ki ke hain sab khair se magar
اکبرؑ نے عرض کی کہ ہیں سب خیر سے مگر

Lutta hai koi aan mein Khair-un-Nisa ka ghar
لٹتا ہے کوئی آن میں خیر النسا کا گھر

Milti nahin raza hamen aansoo bahaate hain
ملتی نہیں رضا ہمیں آنسو بہاتے ہیں

Baba gala kataane ko maidan mein jaate hain
بابا گلا کٹانے کو میداں میں جاتے ہیں

"Has some news about Sughra come from home?
Tell me quickly, for my heart is in my mouth."
Akbar said, "All are well, but
In a moment the house of Khair-un-Nisa will be plundered;
I am refused leave, and so I weep;
My father is going to the field to have his throat cut."

Free to read, copy and share

38

Is waqt kis se dard-e-dil apna kahoon main aah
اس وقت کس سے دردِ دل اپنا کہوں میں آہ

Tum bhi ho sadd-e-raah phuphi bhi hain sadd-e-raah
تم بھی ہو سدّ راہ پھوپھی بھی ہیں سدّ راہ

Chhaayi hai waan ghata ki tarah Shaam ki sipah
چھائی ہے واں گھٹا کی طرح شام کی سپاہ

Amman madad karo ke kamar baandhte hain shah
اماں مدد کرو کہ کمر باندھتے ہیں شاہ

Ab zindagi hai talkh bahut diq hain jaan se
اب زندگی ہے تلخ بہت دق ہیں جان سے

Ulfat ne aap ki hamen khoya jahan se
الفت نے آپ کی ہمیں کھویا جہان سے

"To whom can I tell the pain of my heart now, alas?
You stand in my way, and my aunt stands in my way;
There the army of Syria has spread like a storm cloud;
Mother, help me, for the King is girding himself for battle.
Life is very bitter now; I am weary of living;
Your love has undone me."

39

Dete nahin raza jo Imam-e-falak asas
دیتے نہیں رضا جو امامِ فلک اساس

Khatir faqat ye aap ki hai aur phuphi ka paas
خاطر فقط یہ آپ کی ہے اور پھوپھی کا پاس

Ab ghair-e-yaas koi nahin un ke aas paas
اب غیرِ یاس کوئی نہیں ان کے آس پاس

Nataqati hai zoaf hai faaqa hai aur pyaas
ناطاقتی ہے ضعف ہے فاقہ ہے اور پیاس

Kyun kar laren ge wo ke sarapa zaeef hain
کیوں کر لڑیں گے وہ کہ سراپا ضعیف ہیں

Peeri hai dil zaeef hai aaza zaeef hain
پیری ہے دل ضعیف ہے اعضا ضعیف ہیں

"If the Imam, whose foundation is heaven, gives no leave,
It is only out of regard for you and for my aunt;
Now there is no one near him but despair;
There is exhaustion, weakness, hunger and thirst.
How will he fight, when he is weak from head to foot?
He is old, his heart is weak, his limbs are weak."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

40

Abbas jab se mar gaye rote hain dam ba dam
عباس جب سے مر گئے روتے ہیں دم بہ دم

Rukh zard hai kamaan ki tarah ho gaye hain kham
رخ زرد ہے کماں کی طرح ہو گئے ہیں خم

Chillon mein teer jore hain waan bani-e-sitam
چلوں میں تیر جوڑے ہیں واں بانیٔ ستم

Qurbaan hon kis tarah pisar-e-Fatima pe hum
قرباں ہوں کس طرح پسرِ فاطمہؑ پہ ہم

Sab rokte hain ran ki taraf jaayen kis tarah
سب روکتے ہیں رن کی طرف جائیں کس طرح

Maan ko phuphi ko behnon ko samjhaayen kis tarah
ماں کو پھوپھی کو بہنوں کو سمجھائیں کس طرح

"Since Abbas died he weeps every moment;
His face is pale; he is bent like a bow;
There the authors of cruelty have set arrows to their bowstrings;
How am I to give my life for the son of Fatima?
Everyone holds me back; how can I go to the field?
How can I persuade my mother, my aunt, my sisters?"

41

Baba ka hukm hai ke raza ja ke maan se lao
بابا کا حکم ہے کہ رضا جا کے ماں سے لاؤ

Raazi phuphi hon jab to laro aur zakhm khaao
راضی پھوپھی ہوں جب تو لڑو اور زخم کھاؤ

Marzi hai aap ki ke mere paas se na jaao
مرضی ہے آپ کی کہ مرے پاس سے نہ جاؤ

Ya Fatima tumhen Ali Akbar ke kaam aao
یا فاطمہؑ تمہیں علیؑ اکبر کے کام آؤ

Chalne lagen na teer shah-e-mashriqain par
چلنے لگیں نہ تیر شہِ مشرقین پر

Nargha hai zalimon ka tumhara Husain par
نرغہ ہے ظالموں کا تمہارا حسینؑ پر

"Father's order is: 'Go and bring your mother's consent;
When your aunt agrees, then fight and take your wounds.'
Your wish is that I should not leave your side;
O Fatima, you yourself come to Ali Akbar's aid!
Lest the arrows begin to fly at the King of the two Easts:
The tyrants are closing in on your Husain."

Free to read, copy and share

42

Dekhi gayi na maan se ye betabi-e-pisar
دیکھی گئی نہ ماں سے یہ بیتابیِ پسر

Waris ki bekasi pe laga kaanpne jigar
وارث کی بے کسی پہ لگا کانپنے جگر

Haathon se dil ko thaam ke boli wo nauha gar
ہاتھوں سے دل کو تھام کے بولی وہ نوحہ گر

Daulat pe Fatima ki tasadduq tamam ghar
دولت پہ فاطمہؑ کی تصدق تمام گھر

Pehle na kuchh kaha tha na ab rokti hoon main
پہلے نہ کچھ کہا تھا نہ اب روکتی ہوں میں

Rote ho kis liye tumhen kab rokti hoon main
روتے ہو کس لیے تمہیں کب روکتی ہوں میں

The mother could not bear to see her son's distress;
Her heart began to tremble at the helplessness of her lord;
Holding her heart with her hands, the mourning woman said,
"Let my whole house be a ransom for Fatima's treasure;
I said nothing before, and I do not stop you now;
Why are you crying? When have I stopped you?"

43

Zahra ke laal par mere madar pidar nisar
زہرآ کے لال پر مرے مادر پدر نثار

Abid nisar Asghar-e-tishna jigar nisar
عابدؑ نثار اصغرِ تشنہ جگر نثار

Jaanen hazar hon to fida laakh sar nisar
جانیں ہزار ہوں تو فدا لاکھ سر نثار

Qurbaan ghar, kaneez tasadduq, pisar nisar
قربان گھر، کنیز تصدق، پسر نثار

Kisrai go ke hoon pe bahu main Ali ki hoon
کِسرائی گو کہ ہوں پہ بہو میں علیؑ کی ہوں

Maango ge jo wo doon gi ke laundi sakhi ki hoon
مانگو گے جو وہ دوں گی کہ لونڈی سخی کی ہوں

"May my mother and father be a ransom for Zahra's son;
Let Abid be his ransom, and thirsty Asghar too;
If I had a thousand lives I would give them, a hundred thousand heads;
My house, myself, his slave-girl, and my son: all are his ransom.
Though I am of the house of Kisra, I am Ali's daughter-in-law;
Whatever you ask I will give, for I am the slave-girl of the Generous One."

Free to read, copy and share

44

Mujh par hawala karte hain gar shah-e-khush khisal
مجھ پر حوالہ کرتے ہیں گر شاہِ خوش خصال

Rukhsat na tum ko doon ye bhala hai meri majal
رخصت نہ تم کو دوں یہ بھلا ہے مری مجال

Sadqa inhen ka hai ke mila tum sa naunihal
صدقہ انہیں کا ہے کہ ملا تم سا نونہال

Rukhsat ka sadqe jaaoon phuphi se karo sawal
رخصت کا صدقے جاؤں پھوپھی سے کرو سوال

Hum sab kaneezen bint-e-amir-e-Arab ki hain
ہم سب کنیزیں بنتِ امیر عرب کی ہیں

Asghar ho ya ke tum wahi mukhtar sab ki hain
اصغرؑ ہو یا کہ تم وہی مختار سب کی ہیں

"If the King of sweet nature leaves it to me,
How could I dare refuse you leave?
It is by his grace that I was given a fine young son like you;
My darling, ask your aunt for leave.
We are all slave-girls of the daughter of the Commander of Arabia;
Be it Asghar or you, it is she who decides for all."

45

Kehne ko yun hain chaahne waale tumhare sab
کہنے کو یوں ہیں چاہنے والے تمہارے سب

Lekin hai un ke ishq se nisbat kisi ko kab
لیکن ہے ان کے عشق سے نسبت کسی کو کب

Din ko unhon ne din kabhi jaana na shab ko shab
دن کو انہوں نے دن کبھی جانا نہ شب کو شب

Lije inhen se aap ko jis shai ki hai talab
لیجے انہیں سے آپ کو جس شے کی ہے طلب

Mujh se na kuchh na Sayyid-e-aali se poochhiye
مجھ سے نہ کچھ نہ سید عالی سے پوچھیے

Gar poochhiye to paalne waali se poochhiye
گر پوچھیے تو پالنے والی سے پوچھیے

"In word, everyone loves you,
But whose love can be compared with hers?
She never knew day from day or night from night;
Whatever you want, take it from her.
Ask nothing of me, nor of the noble Sayyid;
If you must ask, ask the one who raised you."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

46

Rote hue gaye Ali Akbar phuphi ke paas
روتے ہوئے گئے علیؑ اکبر پھوپھی کے پاس

Dekha ke ghash pari hai zameen par wo haq shanas
دیکھا کہ غش پڑی ہے زمیں پر وہ حق شناس

Zanu pe sar liye hue Kubra hai be hawas
زانو پہ سر لیے ہوئے کبرآ ہے بے حواس

Is haal mein bhi lab pe yahi hai kalam-e-yaas
اس حال میں بھی لب پہ یہی ہے کلام یاس

Ab taab-o-taqat-e-jasad-o-rooh-o-dil gayi
اب تاب و طاقت جسد و روح و دل گئی

Kyun sahibo! raza Ali Akbar ko mil gayi
کیوں صاحبو ! رضا علیؑ اکبر کو مل گئی

Weeping, Ali Akbar went to his aunt;
He saw that she who knew the truth lay fainted on the ground;
Kubra, distraught, held her head upon her knee;
Even in this state these words of despair were on her lips:
"Now all the strength of body, soul and heart is gone;
Tell me, friends, has Ali Akbar been given leave?"

47

Akbar se mujh ko ye na tawaqqo thi hai ghazab
اکبرؑ سے مجھ کو یہ نہ توقع تھی ہے غضب

Itna nahin khayal ke hai kaun jaan ba lab
اتنا نہیں خیال کہ ہے کون جاں بہ لب

Is gul ne haaye meri riyazat bhulaayi sab
اس گُل نے ہائے میری ریاضت بھلائی سب

Naam-e-Khuda jawan hue kya hum se kaam ab
نامِ خدا جواں ہوئے کیا ہم سے کام اب

Hain mahv ran ke shauq mein rukhsat ke dhyan mein
ہیں محو رن کے شوق میں
رخصت کے دھیان میں

Sach hai kisi ka kaun hua hai jahan mein
سچ ہے کسی کا کون ہوا ہے جہان میں

"I never expected this of Akbar; how cruel!
He does not even think who lies at death's door;
Alas, this rose has forgotten all my toil;
God be praised, he has grown up; what need has he of me now?
He is lost in longing for battle, thinking only of leave;
It is true: who in this world has ever truly been anyone's?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Ya be hamare chain na aata tha koi dam
یا بے ہمارے چین نہ آتا تھا کوئی دم

Malik ab aur ho gaye koi hue na hum
مالک اب اور ہو گئے کوئی ہوئے نہ ہم

Kya dakhl tha jo deorhi se baahar rakhen qadam
کیا دخل تھا جو ڈیوڑھی سے باہر رکھیں قدم

Hae hae wo mera dard-e-musibat wo ranj-o-gham
ہے ہے وہ میرا دردِ مصیبت وہ رنج و غم

Jaagi hoon main jo chaunk ke raaton ko roye hain
جاگی ہوں میں جو چونک کے راتوں کو روئے ہیں

Poochho to kis ki chhaati pe bachpan mein soye hain
پوچھو تو کس کی چھاتی پہ بچپن میں سوئے ہیں

"Once he could not rest a moment without me;
Now others are his masters, and I am nothing to him;
How could he once have dared to step outside the door?
Alas, alas, all my pain and trouble, all my grief and sorrow!
I stayed awake whenever he woke crying at night;
Ask him on whose breast he slept as a child."

49

Kanghi kisi ke haath ki bhaati na thi kabhi
کنگھی کسی کے ہاتھ کی بھاتی نہ تھی کبھی

Be mere lete neend unhen aati na thi kabhi
بے میرے لیٹے نیند انہیں آتی نہ تھی کبھی

Be in ki maan ki qabr pe jaati na thi kabhi
بے ان کی ماں کی قبر پہ جاتی نہ تھی کبھی

Royen pisar, pe in ko rulaati na thi kabhi
روئیں پسر، پہ ان کو رلاتی نہ تھی کبھی

Mere siwa kisi ko kabhi jaante na the
میرے سوا کسی کو کبھی جانتے نہ تھے

Jo thi so main thi maan ko to pehchaante na the
جو تھی سو میں تھی ماں کو تو پہچانتے نہ تھے

"He never liked anyone else to comb his hair;
He could never sleep unless I lay beside him;
I never went to my mother's grave without him;
My own sons might cry, but I never made him cry;
He knew no one but me;
I was everything to him; he did not even know his mother."

Free to read, copy and share

50

Har chand donon the mere farzand khurd saal
ہر چند دونوں تھے مرے فرزند خورد سال

Par in ke aage un ka mujhe kuchh na tha khayal
پر اِن کے آگے اُن کا مجھے کچھ نہ تھا خیال

Raaton ko jab lipatte the mujh se wo naunihal
راتوں کو جب لپٹتے تھے مجھ سے وہ نونہال

Main kehti thi hato Ali Akbar hai mera laal
میں کہتے تھی ہٹو علیؑ اکبر ہے میرا لال

Wo donon marne waale to pehlu mein hote the
وہ دونوں مرنے والے تو پہلو میں ہوتے تھے

Phaila ke paaon ye meri chhaati pe sote the
پھیلا کے پاؤں یہ مری چھاتی پہ سوتے تھے

"Though both my sons were young,
Beside him I gave them no thought;
When those little ones clung to me at night,
I would say, 'Move away; Ali Akbar is my darling';
Those two who were to die would lie at my side,
While he slept with his legs stretched out on my breast."

51

Chhota to zidd bhi karta tha raaton ko baarha
چھوٹا تو ضد بھی کرتا تھا راتوں کو بارہا

Par Aun kya aqeel tha bakhshe use Khuda
پر عونؑ کیا عقیلؑ تھا بخشے اسے خدا

Din raat thi khushamad-e-hum shakl-e-Mustafa
دن رات تھی خوشامدِ ہم شکل مصطفا

Seene pe jab ye soye to us ne yahi kiya
سینے پہ جب یہ سوئے تو اس نے یہی کیا

Aqa ke noor-e-ain hain aali maqam hain
آقا کے نور عین ہیں عالی مقام ہیں

Amman ye shahzade hain aur hum ghulam hain
اماں یہ شاہزادے ہیں اور ہم غلام ہیں

"The younger one would often make a fuss at night,
But Aun, how wise he was, God rest his soul!
Day and night he would humour the one who looked like Mustafa;
Whenever this one slept on my breast, that is what Aun did:
'He is the light of our master's eyes, of exalted rank;
Mother, he is a prince, and we are slaves.'"

Free to read, copy and share

52

Rehte the paas baap ke wo ghairat-e-qamar
رہتے تھے پاس باپ کے وہ غیرتِ قمر

Ulfat mein in ki mujh ko kuchh un ki na thi khabar
الفت میں ان کی مجھ کو کچھ ان کی نہ تھی خبر

Quran parhne baithti thi jab dam-e-sahar
قرآن پڑھنے بیٹھتی تھی جب دمِ سحر

Surat pe thi inhen ki tilawat mein bhi nazar
صورت پہ تھی انہیں کی تلاوت میں بھی نظر

Ghafil na in ke pyaar se main ek aan thi
غافل نہ ان کے پیار سے میں ایک آن تھی

Quran to rahl par tha hamail mein jaan thi
قرآں تو رحل پر تھا حمائل میں جان تھی

"Those two, the envy of the moon, stayed with their father;
In my love for this one I took no notice of them;
When I sat down at dawn to read the Quran,
Even as I recited, my eyes were on his face;
Not for a moment did I forget my love for him;
The Quran lay on its stand, but my life was in the amulet at my neck."

53

Main ne inhen pe sadqe kiye apne donon laal
میں نے انہیں پہ صدقے کئے اپنے دونوں لال

Taskeen thi ke baqi hai Akbar sa naunihal
تسکین تھی کہ باقی ہے اکبر سا نونہال

Maange to aage mujh se bhala rukhsat-e-jidal
مانگے تو آگے مجھ سے بھلا رخصتِ جدال

Nikloon gi saath kheme se bikhra ke sar ke baal
نکلوں گی ساتھ خیمے سے بکھرا کے سر کے بال

Kya khoob jeete ji mare jaayen ge marne ko
کیا خوب جیتے جی مَرے جائیں گے مرنے کو

Talwar baandh li hai hamen zibah karne ko
تلوار باندھ لی ہے ہمیں ذبح کرنے کو

"For him I gave up both my sons;
I took comfort that a young one like Akbar was left;
Just let him come and ask me for leave to fight!
I will come out of the tent with him, my hair loosened.
How fine! While I still live, he will go off to die;
He has girded on his sword to slaughter me!"

Free to read, copy and share

54

Bachpan mein tha na hum se ziyada kisi ka pyaar
بچپن میں تھا نہ ہم سے زیادہ کسی کا پیار

Ab kya gharaz guzar gayi wo fasl wo bahar
اب کیا غرض گزر گئی وہ فصل وہ بہار

Bheegin masen namood hua sabza-e-izaar
بھیگیں مسیں نمود ہوا سبزۂ عذار

Malik hain khud bhala mera ab kya hai ikhtiyar
مالک ہیں خود بھلا مرا اب کیا ہے اختیار

Sabit hua idhar se udhar marne jaayen ge
ثابت ہوا اِدھر سے اُدھر مرنے جائیں گے

Main mar bhi jaaoon gi to wo yaan tak na aayen ge
میں مر بھی جاؤں گی تو وہ یاں تک نہ آئیں گے

"In his childhood he loved no one more than me;
What does he care now? That season, that spring, is gone;
His moustache has darkened, the first down has appeared on his cheeks;
He is his own master now; what say have I?
It is clear: from here he will go over there to die;
Even if I die, he will not come this far."

55

Baahar sidhaare ya abhi hain maan se kuchh kalam
باہر سدھارے یا ابھی ہیں ماں سے کچھ کلام

Bhabi ne kyun liya tha abhi ro ke mera naam
بھابی نے کیوں لیا تھا ابھی رو کے میرا نام

Seene pe munh ko rakh ke ye bola wo lala faam
سینے پہ منہ کو رکھ کے یہ بولا وہ لالہ فام

Aankhen to aap kholiye hazir hai ye ghulam
آنکھیں تو آپ کھولیے حاضر ہے یہ غلام

Khadim juda na tha shah-e-gardoon sareer se
خادم جدا نہ تھا شہِ گردوں سریر سے

Kis jurm pe Huzoor khafa hain haqeer se
کس جرم پہ حضور خفا ہیں حقیر سے

"Has he gone out, or is he still talking with his mother?
Why did my sister-in-law weep and call my name just now?"
Laying his face on her breast, that tulip-faced youth said,
"Open your eyes; your slave is here;
Your servant was with the King whose throne is the sky;
For what fault, my lady, are you angry with this humble one?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

56

Kya hai qusoor jis pe ye ghussa hai ye itab
کیا ہے قصور جس پہ یہ غصہ ہے یہ عتاب

Karta hoon baat main koi be marzi-e-janab
کرتا ہوں بات میں کوئی بے مرضیِ جناب

Rota hoon ab ke sabr ki mujh ko nahin hai taab
روتا ہوں اب کہ صبر کی مجھ کو نہیں ہے تاب

Shikwa ye khaksar ka ae bint-e-Bu-Turab
شکوہ یہ خاکسار کا اے بنتِ بوتراب

Har dukh mein har bala mein madadgar aap hain
ہر دکھ میں ہر بلا میں مددگار آپ ہیں

Paala hai mujh ko malik-o-mukhtar aap hain
پالا ہے مجھ کو مالک و مختار آپ ہیں

"What is my fault, that you show such anger and reproach?
Do I ever say anything against your wish?
I weep now because I have no strength left to be patient;
This is the humble one's complaint, O daughter of Abu Turab:
In every pain and every trouble you are my helper;
You raised me; you are my mistress and my guardian."

57

Paida hua to aap ki sohbat mujhe mili
پیدا ہوا تو آپ کی صحبت مجھے ملی

Karti hai rooh shukr wo raahat mujhe mili
کرتی ہے روح شکر وہ راحت مجھے ملی

Yusuf ko kab mili thi jo daulat mujhe mili
یوسف کو کب ملی تھی جو دولت مجھے ملی

Rakha aziz aap ne izzat mujhe mili
رکھا عزیز آپ نے عزت مجھے ملی

Sadqa hai is qadam ka jo sar ta falak gaya
صدقہ ہے اس قدم کا جو سر تا فلک گیا

Ki mehr aftab ne, zarra chamak gaya
کی مہر آفتاب نے، ذرہ چمک گیا

"From my birth I was given your company;
My soul gives thanks for the comfort I found;
Joseph was never given such wealth as I was given;
You held me dear, and so I gained honour.
It is by the grace of your feet that my head rose to the sky;
The sun showed kindness, and the mote began to shine."

Free to read, copy and share

58

Marzi na ho to ran ko bhi jaaye na ye ghulam
مرضی نہ ہو تو رن کو بھی جائے نہ یہ غلام

Bande hain hum itaat-e-malik se hum ko kaam
بندے ہیں ہم اطاعتِ مالک سے ہم کو کام

Takrar ki majal na israr ka maqam
تکرار کی مجال نہ اصرار کا مقام

Marte agar to is mein bhi tha aap hi ka naam
مرتے اگر تو اس میں بھی تھا آپ ہی کا نام

Roti hain aap kis liye achchha na jaayen ge
روتی ہیں آپ کس لیے اچھا نہ جائیں گے

Par yaad rakhiye munh na kisi ko dikhaayen ge
پر یاد رکھیے منہ نہ کسی کو دکھائیں گے

"If you do not wish it, your slave will not even go to battle;
I am a servant; my part is to obey my master;
I dare not argue, nor is it my place to insist;
If I had died, that too would have brought honour to your name.
Why do you weep? Very well, I will not go;
But remember, I will never show my face to anyone again."

59

Ye keh ke jhuk gaya jo qadam par wo zi waqar
یہ کہہ کے جھک گیا جو قدم پر وہ ذی وقار

Bas ho gayin mohabbat-e-qalbi se be qarar
بس ہو گئیں محبتِ قلبی سے بے قرار

Phaila ke donon haathon ko uthin ba haal-e-zaar
پھیلا کے دونوں ہاتھوں کو اٹھیں بحال زار

Shikwe ke badle munh se ye nikla ke main nisar
شکوے کے بدلے منہ سے یہ نکلا کہ میں نثار

Umda ye dil ke chashm ke saaghar chhalak pare
امڈا یہ دل کہ چشم کے ساغر چھلک پڑے

Dekha jo aftab ko aansoo tapak pare
دیکھا جو آفتاب کو آنسو ٹپک پڑے

When that dignified youth said this and bowed at her feet,
She was overcome by the love in her heart;
Distraught, she rose with both arms outstretched;
Instead of reproach, these words came from her lips: "I would die for you!"
Her heart so overflowed that the cups of her eyes spilled over;
When she looked at that sun, her tears fell.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Le kar balaayen bolin ke waari khafa na ho
لے کر بلایں بولیں کہ واری خفا نہ ہو

Sadqe hai tum pe jaan hamari khafa na ho
صدقے ہے تم پہ جان ہماری خفا نہ ہو

Baaten thin ye to pyaar ki saari khafa na ho
باتیں تھیں یہ تو پیار کی ساری خفا نہ ہو

Rote ho kyun mangao sawari khafa na ho
روتے ہو کیوں منگاؤ سواری خفا نہ ہو

Aaye bala Husain pe jo us ko radd karo
آئے بلا حسینؑ پہ جو اس کو رد کرو

Achchha sidhaaro dukh mein pidar ki madad karo
اچھا سدھارو دکھ میں پدر کی مدد کرو

Taking his troubles upon herself, she said, "My darling, do not be upset;
My life is your ransom; do not be upset;
These were all words of love; do not be upset;
Why are you crying? Send for your mount; do not be upset.
Turn back whatever calamity comes upon Husain;
Very well, go: help your father in his trouble."

61

Ulfat ke josh mein to ye munh se kaha magar
الفت کے جوش میں تو یہ منہ سے کہا مگر

Utha ye dil mein dard ke tharra gaya jigar
اٹھا یہ دل میں درد کہ تھرا گیا جگر

Kubra ko rote dekh ke boli wo nauha gar
کبرآ کو روتے دیکھ کے بولی وہ نوحہ گر

Kya majra hua mujhe mutlaq nahin khabar
کیا ماجرا ہوا مجھے مطلق نہیں خبر

Main rokne na paayi ke waar un ka chal gaya
میں روکنے نہ پائی کہ وار ان کا چل گیا

Kya main ne keh diya ke kaleja nikal gaya
کیا میں نے کہہ دیا کہ کلیجہ نکل گیا

In the surge of her love she said this aloud, but
Such pain rose in her heart that her whole being trembled;
Seeing Kubra weeping, the mourning woman said,
"What has happened? I know nothing at all;
Before I could stop him, his stroke had gone home;
What did I say, that my heart has been torn out?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

62

Kya ja ke ab na aaye ga ghar mein ye naunihal
Hae hae meri kamaai pe aa jaaye ga zawal
Jis waqt se shaheed hue ran mein donon laal
Behosh hoon, hawas mein hai mere ikhtilal
Aisa hai iztirab ke kuchh jis ki hadd nahin
Jo aap mein na ho sukhan us ka sanad nahin

کیا جا کے اب نہ آئے گا گھر میں یہ نونہال
ہے ہے مری کمائی پہ آجائے گا زوال
جس وقت سے شہید ہوئے رن میں دونوں لال
بیہوش ہوں، حواس میں ہے میرے اختلال
ایسا ہے اضطراب کہ کچھ جس کی حد نہیں
جو آپ میں نہ ہو سخن اس کا سند نہیں

"Will this young one go and never come home again?
Alas, alas, all I have earned will come to ruin;
Ever since my two sons were martyred on the field,
I have been senseless; my mind is disordered;
Such is my distress that it knows no bounds;
The words of one who is not herself are no proof."

63

Main hosh mein na thi ye qadam par gire the jab
Main bhi kahoon, ye paaon pe girne ka kya sabab
Lo mujh pe ab khula ke ye rukhsat ki thi talab
Akbar ko main ne haath se khoya tha hai ghazab
Asla khabar nahin mere dilbar ne kya kaha
Main ne jawab kya diya Akbar ne kya kaha

میں ہوش میں نہ تھی یہ قدم پر گرے تھے جب
میں بھی کہوں، یہ پاؤں پہ گرنے کا کیا سبب
لو مجھ پہ اب کھلا کہ یہ رخصت کی تھی طلب
اکبرؑ کو میں نے ہاتھ سے کھویا تھا ہے غضب
اِصلا خبر نہیں مرے دلبر نے کیا کہا
میں نے جواب کیا دیا اکبرؑ نے کیا کہا

"I was not in my senses when he fell at my feet;
I wondered why he was falling at my feet;
Now I see: he was asking for leave;
I have let Akbar slip from my hands; how terrible!
I have no idea at all what my darling said,
What answer I gave, or what Akbar said."

Free to read, copy and share

64

Kya keh diya tha marne ko jaaye ye gul badan
کیا کہہ دیا تھا مرنے کو جائے یہ گل بدن

Raazi hui thi main ke khizan ho mera chaman
راضی ہوئی تھی میں کہ خزاں ہو مرا چمن

Bekhud hoon jab se ran mein sidhaare shah-e-zaman
بیخود ہوں جب سے رن میں سدھارے شہِ زمن

Kehti hoon kuchh zaban se nikalta hai kuchh sukhan
کہتی ہوں کچھ زباں سے نکلتا ہے کچھ سخن

Itni khabar nahin Ali Akbar ke pyaar mein
اتنی خبر نہیں علیؑ اکبر کے پیار میں

Qaboo mein hai na dil na zaban ikhtiyar mein
قابو میں ہے نہ دل نہ زباں اختیار میں

"Did I say that this rose-bodied one should go to die?
Did I agree that autumn should come to my garden?
I have been beside myself since the King of the age went to the field;
I mean to say one thing, and another comes from my tongue;
In my love for Ali Akbar I hardly know what I do;
Neither my heart nor my tongue is under my control."

65

Zindon mein hoti gar to ye kehti ke marne jaayen
زندوں میں ہوتی گر تو یہ کہتی کہ مرنے جائیں

Is pyaas mein shaheed hon
faaqon mein zakhm khaayen
اس پیاس میں شہید ہوں فاقوں میں زخم کھائیں

Athaarwan baras hai dulhan to mujhe dikhaayen
اٹھارواں برس ہے دلھن تو مجھے دکھائیں

Paala hai minnaton se, muraden meri bar aayen
پالا ہے منتوں سے، مُرادیں مری بر آئیں

Marti hoon ishtiyaq mein sehra to dekh loon
مرتی ہوں اشتیاق میں سہرا تو دیکھ لوں

Sehre ke neeche chaand sa chehra to dekh loon
سہرے کے نیچے چاند سا چہرا تو دیکھ لوں

"If I were among the living, would I say that he should go to die,
Be martyred in this thirst, and take wounds while starving?
He is in his eighteenth year: let them at least show me a bride;
I raised him through vows and prayers; let my wishes come true;
I am dying to see at least his wedding garland,
To see his moon-like face beneath the garland."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

66

Rukhsat ke naam se mera phatta hai ab jigar
رخصت کے نام سے مرا پھٹتا ہے اب جگر

Aisa na ho ke Bano-e-bekas ko ho khabar
ایسا نہ ہو کہ بانوئے بے کس کو ہو خبر

Gar sun liya to dil mein kahe gi wo nauha gar
گر سن لیا تو دل میں کہے گی وہ نوحہ گر

Pyaara hua na bint-e-Ali ko mera pisar
پیارا ہوا نہ بنتِ علیؑ کو مرا پسر

Samjhin thin kya jo di use rukhsat jidal ki
سمجھیں تھیں کیا جو دی اسے رخصت جدال کی

Zainab ne haaye qadr na ki mere laal ki
زینبؑ نے ہائے قدر نہ کی میرے لال کی

"At the very word 'leave' my heart now breaks;
Let the helpless Bano not hear of it;
If she does, the mourning woman will say in her heart,
'My son was not dear to Ali's daughter;
What was she thinking, to give him leave to fight?
Alas, Zainab did not value my son.'"

67

Sach hai ke us ki chaah se nisbat mujhe kahan
سچ ہے کہ اس کی چاہ سے نسبت مجھے کہاں

Hoon laakh un ki chaahne waali wo phir hai maan
ہوں لاکھ ان کی چاہنے والی وہ پھر ہے ماں

Aankhon ka noor qalb ki taqat badan ki jaan
آنکھوں کا نور قلب کی طاقت بدن کی جاں

Aanch aatma ki hai wo qiyamat ke, al aman
آنچ آتما کی ہے وہ قیامت کہ، الاماں

Kya sochte ho sahibo kuchh tum ko khair hai
کیا سوچتے ہو صاحبو کچھ تم کو خیر ہے

Maan hai to maan hai khalq mein phir ghair ghair hai
ماں ہے تو ماں ہے خلق میں پھر غیر غیر ہے

"It is true: how can my love compare with hers?
However much I love him, she is still his mother;
He is the light of her eyes, the strength of her heart, the life of her body;
The burning of the soul is such a torment, God protect us!
What are you thinking, friends? Do you understand at all?
A mother is a mother; in this world others are only others."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Maan ki na kam tawajjuhi aur na kisi ka pyaar
ماں کی نہ کم توجہی اور نہ کسی کا پیار

Ghussa ho, ya ke sakht kahe dil mein hai nisar
غصہ ہو، یا کہ سخت کہے دل میں ہے نثار

Bulbul fida hai gul pe, shikayat kare hazar
بلبل فدا ہے گل پہ، شکایت کرے ہزار

Duniya mein aashiqon ke dilon ko kahan qarar
دنیا میں عاشقوں کے دلوں کو کہاں قرار

Den maan ka saath naam-e-Khuda ab jawan hain
دیں ماں کا ساتھ نامِ خدا اب جوان ہیں

Mera hai jab ye haal, phir us ki to jaan hain
میرا ہے جب یہ حال، پھر اس کی تو جان ہیں

"A mother's coolness is no coolness, and no one else's love is like hers;
Be she angry, or speak harshly, in her heart she would die for him;
The nightingale is devoted to the rose, though it complain a thousand times;
Where in this world do lovers' hearts find rest?
Let him stand by his mother; God be praised, he is grown now;
If this is my state, he is her very life."

69

Jis dam sune ye door se Bano ne sab kalam
جس دم سنے یہ دُور سے بانو نے سب کلام

Aayi qareeb-e-Hazrat-e-Zainab wo nek kaam
آئی قریب حضرت زینب وہ نیک کام

Ki arz haath jor ke ae khwahar-e-Imam
کی عرض ہاتھ جوڑ کے اے خواہر امام

Main hoon kaneez aap ki aur ye pisar ghulam
میں ہوں کنیز آپ کی اور یہ پسر غلام

Kis ki majal hai jo kahe ga ye kya kiya
کس کی مجال ہے جو کہے گا یہ کیا کیا

Bibi ne di ghulam ko rukhsat, baja kiya
بی بی نے دی غلام کو رخصت، بجا کیا

When Bano heard all these words from afar,
That good woman came close to the honoured Zainab
And, folding her hands, said, "O sister of the Imam,
I am your slave-girl, and this son is your slave;
Who would dare to say, 'What have you done?'
My lady gave her slave leave, and did rightly."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

70

Laundi hai Fatima ki kaneezon mein ba wafa
لونڈی ہے فاطمہ کی کنیزوں میں با وفا

Ho qata wo zaban jo kare aap ka gila
ہو قطع وہ زباں جو کرے آپ کا گلا

Hazrat ko un ke sar pe salamat rakhe Khuda
حضرت کو ان کے سر پہ سلامت رکھے خدا

Malik hain aap is mein kisi ko hai dakhl kya
مالک ہیں آپ اس میں کسی کو ہے دخل کیا

Kuchh ja-e-guftagu hai na maan ko na baap ko
کچھ جائے گفتگو ہے نہ ماں کو نہ باپ کو

Hai dakhl izn dene na dene ka aap ko
ہے دخل اذن دینے نہ دینے کا آپ کو

"Your slave-girl is a faithful one among Fatima's servants;
May the tongue be cut off that complains of you;
May God keep the Hazrat safe over their heads;
You are mistress in this; who else has any say?
Neither mother nor father has any room to speak;
It is yours to give or to withhold leave."

71

Gham khaaiye na khoon-e-jigar aap pijiye
غم کھائیے نہ خونِ جگر آپ پیجئے

Abid ko bhej dijiye Asghar ko bhejiye
عابدؑ کو بھیج دیجیے اصغرؑ کو بھیجئے

Hai ikhtiyar dijiye rukhsat na dijiye
ہے اختیار دیجیے رخصت نہ دیجیے

Qurbaan jaaoon jo ho munasib wo kijiye
قربان جاؤں جو ہو مناسب وہ کیجیے

Shadi ho ya ke gham ho shareek-e-sawab hoon
شادی ہو یا کہ غم ہو شریکِ ثواب ہوں

Har tarah se main tabe-e-hukm-e-janab hoon
ہر طرح سے میں تابع حکمِ جناب ہوں

"Do not grieve, do not drink your heart's blood;
Send Abid, send Asghar;
It is in your power: give leave or do not;
I would die for you; do whatever is fitting;
Be it joy or grief, I share in the merit;
In every way I obey your command."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Ghar mera jab se lut gaya is ghar mein aayi hoon
گھر میرا جب سے لٹ گیا اس گھر میں آئی ہوں

Shikwe ka koi harf kabhi lab pe laayi hoon
شکوے کا کوئی حرف کبھی لب پہ لائی ہوں

Kisra ki go ke poti hoon sultan ki jaai hoon
کسریٰ کی گو کہ پوتی ہوں سلطاں کی جائی ہوں

Laundi hoon aap ki Ali Akbar ki daai hoon
لونڈی ہوں آپ کی علیؑ اکبر کی دائی ہوں

Sadqa ye aap ka hai jo shah ko aziz hoon
صدقہ یہ آپ کا ہے جو شہ کو عزیز ہوں

Bhawaj na jaaniye mujhe adna kaneez hoon
بھاوج نہ جانیے مجھے ادنیٰ کنیز ہوں

"Since my own house was plundered and I came into this house,
Have I ever brought a word of complaint to my lips?
Though I am the granddaughter of Kisra, a sultan's daughter,
I am your slave-girl and Ali Akbar's nurse;
It is by your grace that I am dear to the King;
Do not think of me as your sister-in-law: I am your humblest slave-girl."

73

Aap is ki maan hain aap ka farzand hai ye laal
آپ اس کی ماں ہیں آپ کا فرزند ہے یہ لال

Dakhl is muamla mein koi de ye kya majal
دخل اس معاملہ میں کوئی دے یہ کیا مجال

Ye azim-e-jidal hai aur aap ka ye haal
یہ عازم جدال ہے اور آپ کا یہ حال

Qadmon ko chhorta na kabhi ye niku khisal
قدموں کو چھوڑتا نہ کبھی یہ نکو خصال

Aap is ko chaahti hain ye sadqe hai aap par
آپ اس کو چاہتی ہیں یہ صدقے ہے آپ پر

Par kya kare ke aaj musibat hai baap par
پر کیا کرے کہ آج مصیبت ہے باپ پر

"You are his mother; this darling is your son;
Who would dare to interfere in this matter?
He is set on battle, and you are in this state;
This good-natured boy would never leave your feet;
You love him, and he would give his life for you;
But what can he do, when today calamity has fallen on his father?"

Free to read, copy and share

74

Qismat buri hai is mein kisi ka qusoor kya
قسمت بری ہے اس میں کسی کا قصور کیا

Achchha rahen ke jaayen hamara bhi hai Khuda
اچھا رہیں کہ جائیں ہمارا بھی ہے خدا

Parwa hamari hai na khayal un ko aap ka
پروا ہماری ہے نہ خیال ان کو آپ کا

Tabe hum aap ke bhi hain un par bhi hain fida
تابع ہم آپ کے بھی ہیں ان پر بھی ہیں فدا

Abid hon ya ke ye sabhi, aankhon ke taare hain
عابدؑ ہوں یا کہ یہ سبھی، آنکھوں کے تارے ہیں

Par ab to ye na aap ke hain, na hamare hain
پر اب تو یہ نہ آپ کے ہیں، نہ ہمارے ہیں

"It is ill fortune; whose fault is it?
Let him stay or go: we too have God;
He cares neither for me nor for you;
I obey you, and I would die for him too;
Be it Abid or this one, all are the stars of my eyes;
But now he is neither yours nor mine."

75

Ye sun ke kaanpne lagi Zainab jigar figar
یہ سن کے کانپنے لگی زینبؑ جگر فگار

Aayi sada-e-Fatima beti ye maan nisar
آئی صدائے فاطمہؑ بیٹی یہ ماں نثار

Allah ye mohabbat-e-farzand aur ye pyaar
اللہ یہ محبتِ فرزند اور یہ پیار

Tanha sitam ki fauj mein hai mera gul izaar
تنہا ستم کی فوج میں ہے میرا گل عذار

Rukhsat na de gi tu agar is noor-e-ain ko
رخصت نہ دے گی تو اگر اس نورِ عین کو

Kaun ab bachaaye ga mere bekas Husain ko
کون اب بچائے گا مرے بیکس حسینؑ کو

Hearing this, the heartbroken Zainab began to tremble;
Fatima's voice was heard: "Daughter, your mother would die for you;
Allah, what love for a son, what tenderness!
My rose-cheeked one stands alone among the army of oppression;
If you do not give leave to this darling of the eyes,
Who now will save my helpless Husain?"

Free to read, copy and share

76

Aawaz sun ke kaanp gayi bint-e-Murtaza
آواز سن کے کانپ گئی بنتِ مرتضا

Bano ke munh ko dekh ke Akbar se ye kaha
بانوؑ کے منہ کو دیکھ کے اکبرؑ سے یہ کہا

Waari sidhaaro khair jo kuchh marzi-e-Khuda
واری سدھارو خیر جو کچھ مرضیِ خدا

Tark-e-adab hai tum ko agar ab na doon raza
ترکِ ادب ہے تم کو اگر اب نہ دوں رضا

Yaan walida bahisht se tashreef laayi hain
یاں والدہ بہشت سے تشریف لائی ہیں

Bint-e-nabi tumhari sifarish ko aayi hain
بنتِ نبی تمہاری سفارش کو آئی ہیں

Hearing the voice, the daughter of Murtaza trembled;
Looking at Bano's face, she said to Akbar,
"Go, my darling; well, whatever God wills;
It would be disrespect if I did not give you leave now;
Here my mother has come from Paradise;
The Prophet's daughter has come to plead for you."

77

Taslim kar ke kheme se wo seem bar chala
تسلیم کر کے خیمے سے وہ سیم بر چلا

Peechhe haram ka qaafila sab nange sar chala
پیچھے حرم کا قافلہ سب ننگے سر چلا

Bano pukaarti thi ke pyaara pisar chala
بانوؑ پکارتی تھی کہ پیارا پسر چلا

Chillaati thi phuphi mera lakht-e-jigar chala
چلاتی تھی پھوپھی مرا لختِ جگر چلا

Lutte hain Ahl-e-Bait duhaai Imam ki
لٹتے ہیں اہلِ بیت دہائی امام کی

Tasveer ghar se jaati hai Khair-ul-Anam ki
تصویر گھر سے جاتی ہے خیر الانام کی

Bowing, the silver-bodied youth left the tent;
Behind him came the whole company of women, bareheaded;
Bano was crying, "My darling son is going!"
His aunt was crying, "The piece of my heart is going!
The Household is being plundered! Justice, in the Imam's name!
The image of the Best of Mankind is leaving the house!"

Free to read, copy and share

78

Bhai ke gham se Abid-e-bekas the be qarar
بھائی کے غم سے عابدِ بیکس تھے بے قرار

Uthte the aur zameen pe girte the baar baar
اٹھتے تھے اور زمین پہ گرتے تھے بار بار

Behnen pukaarti thin ke bhaiya tere nisar
بہنیں پکارتی تھیں کہ بھیا ترے نثار

Seenon ko peetti thin khawasen ba haal-e-zaar
سینوں کو پیٹتی تھیں خواصیں بہ حال زار

Ik hashr tha juda Ali Akbar jo hote the
اک حشر تھا جدا علیؑ اکبر جو ہوتے تھے

Jhoole mein phoot phoot ke Asghar bhi rote the
جھولے میں پھوٹ پھوٹ کے اصغرؑ بھی روتے تھے

The helpless Abid was distraught with grief for his brother;
Again and again he rose and fell to the ground;
His sisters cried, "Brother, we would die for you!"
The maidservants beat their breasts in distress;
As Ali Akbar parted from them, it was like the Day of Judgement;
Even Asghar sobbed in his cradle.

79

Hilta tha khema raandon mein thi, ye dhara dhari
ہلتا تھا خیمہ رانڈوں میں تھی، یہ دھڑا دھڑی

Aahon ki bijliyan thin to ashkon ki thi jhari
آہوں کی بجلیاں تھیں تو اشکوں کی تھی جھڑی

Koi idhar ko ghash thi koi thi udhar pari
کوئی ادھر کو غش تھی کوئی تھی اُدھر پڑی

Aafat ka waqt tha to qiyamat ki thi ghari
آفت کا وقت تھا تو قیامت کی تھی گھڑی

Matam tha ye Husain ke taaza jawan ka
ماتم تھا یہ حسینؑ کے تازہ جوان کا

Jaata hai ghar se jaise janaza jawan ka
جاتا ہے گھر سے جیسے جنازہ جوان کا

The tent shook; among the widows there was such an uproar;
Sighs flashed like lightning and tears fell in torrents;
One lay fainted here, another lay over there;
It was a time of calamity, an hour like the Day of Judgement.
Such was the mourning for Husain's young son,
As when a young man's bier leaves the house.

Free to read, copy and share

80

Nikla haram sara se jo wo noor-e-Haq ka noor
نکلا حرم سرا سے جو وہ نورِ حق کا نور

Khadim ne di sada ke baramad hue Huzoor
خادم نے دی صدا کہ برآمد ہوئے حضور

Hazrat khare the kheme ki deorhi se kuchh jo door
حضرت کھڑے تھے خیمے کی
ڈیوڑھی سے کچھ جو دور

Dast-e-adab ko jor ke bola wo zi shaoor
دستِ ادب کو جوڑ کے بولا وہ ذی شعور

Rukhsat hoon ab jo hukm-e-shah-e-namdar ho
رخصت ہوں اب جو حکم شہ نامدار ہو

Ro kar kaha Husain ne achchha sawar ho
رو کر کہا حسینؑ نے اچھا سوار ہو

When that light of God's light came out of the women's quarters,
A servant called out, "His Highness has come out!"
The Hazrat was standing a little way from the entrance of the tent;
Folding his hands respectfully, the wise youth said,
"Let me take leave now, if the renowned King commands."
Weeping, Husain said, "Very well, mount."

81

Ghore pe shahzada-e-aalam hua sawar
گھوڑے پہ شاہزادۂ عالم ہوا سوار

Goya chale jihad ko mahboob-e-kirdgar
گویا چلے جہاد کو محبوب کردگار

Tha sani-e-Buraq falak sair rahwar
تھا ثانیِ براق فلک سیر راہوار

Sarsar se tund-o-tez to bijli se be qarar
صرصر سے تند و تیز تو بجلی سے بے قرار

Yun saamne se wo dam-e-jaulan nikal gaya
یوں سامنے سے وہ دمِ جولاں نکل گیا

Goya hawa pe takht-e-Sulaiman nikal gaya
گویا ہوا پہ تختِ سلیماں نکل گیا

The prince of the world mounted his horse;
It was as if the Creator's Beloved were setting out to fight in God's way;
His sky-roaming steed was a second Buraq,
Fiercer and swifter than a gale, more restless than lightning;
So he sped past them as he charged,
As if Solomon's throne had sailed through the air.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Hazrat to yaan zameen pe gire thaam kar jigar
حضرت تو یاں زمیں پہ گرے تھام کر جگر

Jasoos ne ye lashkar-e-aada ko di khabar
جاسوس نے یہ لشکر اعدا کو دی خبر

Aata hai ik jawan-e-haseen ghairat-e-qamar
آتا ہے اک جوانِ حسیں غیرت قمر

Chehre pe us ke noor-e-Muhammad hai jalwa gar
چہرہ پہ اس کے نورِ محمد ہے جلوہ گر

Shaan-o-shikoh sab Asad-e-Kibriya ki hai
شان و شکوہ سب اسدِ کبریا کی ہے

Kehte hain sab bashar nahin qudrat Khuda ki hai
کہتے ہیں سب بشر نہیں قدرت خدا کی ہے

Here the Hazrat fell to the ground, holding his heart;
There a spy brought this news to the enemy army:
"A handsome young man is coming, the envy of the moon;
The light of Muhammad shines on his face;
All his splendour and majesty are those of the Lion of God;
Everyone says he is no mortal, but a marvel of God's power."

83

Hai dhoom zarre zarre mein is aftab ki
ہے دھوم ذرے ذرے میں اس آفتاب کی

Khushbu hai zulf-o-jism mein mushk-o-gulab ki
خوشبو ہے زلف و جسم میں مشک و گلاب کی

Sar ta qadam hai shaan-e-risalat maab ki
سر تا قدم ہے شان رسالت مآب کی

Tasveer hai rasool-e-Khuda ke shabab ki
تصویر ہے رسولِ خدا کے شباب کی

Ghore ke gird jinn-o-malak ka hujoom hai
گھوڑے کے گرد جن و ملک کا ہجوم ہے

Sallu alan nabi ki bayaban mein dhoom hai
صلّو علی النبی کی بیاباں میں دھوم ہے

"Every mote of dust is filled with the fame of this sun;
His hair and body carry the scent of musk and rose;
From head to foot he has the splendour of the Prophet;
He is the image of God's Messenger in his youth;
Around his horse throng jinn and angels;
The wilderness rings with 'Send blessings upon the Prophet!'"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Raushan kiya hai roo-e-munawwar ne raah ko
روشن کیا ہے روئے منور نے راہ کو

Rukh par nahin thehrne ka yaara nigaah ko
رخ پر نہیں ٹھہرنے کا یارا نگاہ کو

Hairan hai aql dekh ke zulf-e-siyah ko
حیراں ہے عقل دیکھ کے زلفِ سیاہ کو

Aaghosh mein liye hai shab-e-Qadr maah ko
آغوش میں لیے ہے شبِ قدر ماہ کو

Chehre ke noor se shab-e-mahtab maand hai
چہرے کے نور سے شبِ مہتاب ماند ہے

Khaliq gawaah hai ke andhere ka chaand hai
خالق گواہ ہے کہ اندھیرے کا چاند ہے

"His radiant face has lit up the road;
No eye has the strength to rest upon his face;
The mind is amazed to see his black locks:
The Night of Power holds the moon in its embrace;
Beside the light of his face a moonlit night is dim;
The Creator is witness: he is a moon in the darkness."

85

Ye zikr tha ke noor-e-Khuda jalwa gar hua
یہ ذکر تھا کہ نورِ خدا جلوہ گر ہوا

Goya rasool-e-pak ka ran mein guzar hua
گویا رسولِ پاک کا رن میں گذر ہوا

Chillaaye ahl-e-Shaam ke tale qamar hua
چلائے اہلِ شام کہ طالع قمر ہوا

Hangam-e-zuhr tha pe guman-e-sahar hua
ہنگامِ ظہر تھا پہ گمانِ سحر ہوا

Jalwa dikhaya barq-e-tajalli-e-Toor ne
جلوہ دکھایا برق تجلیِ طور نے

Khursheed ko chhupa diya chehre ke noor ne
خورشید کو چھپا دیا چہرے کے نور نے

They were saying this when the light of God appeared;
It was as if the holy Messenger had passed onto the field;
The men of Syria cried, "The moon has risen!"
It was noon, yet it seemed like dawn;
The lightning of the radiance of Sinai showed its splendour;
The light of his face eclipsed the sun.

Free to read, copy and share

86

Ghash kha gaya koi koi gir kar sambhal gaya
غش کھا گیا کوئی کوئی گر کر سنبھل گیا

Salle ala kisi ki zaban se nikal gaya
صلِّ علیٰ کسی کی زباں سے نکل گیا

Khijlat se aftab ka naqsha badal gaya
خجلت سے آفتاب کا نقشہ بدل گیا

Chamka jo noor dhoop ka joban bhi dhal gaya
چمکا جو نور دھوپ کا جوبن بھی ڈھل گیا

Darya-e-noor-e-Haq ka faqat auj-e-mauj tha
دریائے نور حق کا فقط اوج موج تھا

Sab past the zameen ke sitaare ka auj tha
سب پست تھے زمیں کے ستارے کا اوج تھا

One fainted; another fell and then recovered;
"God bless him!" broke from someone's lips;
The sun's face changed for shame;
When that light shone, even the bloom of the sunshine faded;
Only the river of God's light was in full flood;
All else was low: it was the earth's star that stood at its height.

87

Sehra ko shama-e-husn ne tabinda kar diya
صحرا کو شمعِ حسن نے تابندہ کر دیا

Jo murda dil the dam mein unhen zinda kar diya
جو مردہ دل تھے دم میں انہیں زندہ کر دیا

Zarron ko aftab-e-darakhshanda kar diya
ذروں کو آفتاب درخشندہ کر دیا

Gardoon ko is zameen ne sharminda kar diya
گردوں کو اس زمین نے شرمندہ کر دیا

Paaya zameen ka arsh ke hum dast ho gaya
پایہ زمیں کا عرش کے ہم دست ہو گیا

Jaade se auj-e-kahkashan past ho gaya
جادے سے اوجِ کاہکشاں پست ہو گیا

The candle of beauty made the desert radiant;
Those who were dead at heart it brought to life in a moment;
It turned the motes of dust into shining suns;
This ground put the heavens to shame.
The earth rose to the level of the Throne;
Beside that path the height of the Milky Way was brought low.

Free to read, copy and share

88

Allah re nabeera-e-Mushkil-kusha ki shaan
اللہ رے نبیرۂ مشکل کشا کی شان

Thi jis ke uzw uzw se paida Khuda ki shaan
تھی جس کے عضو عضو سے پیدا خدا کی شان

Hairan the log dekh ke us mah liqa ki shaan
حیراں تھے لوگ دیکھ کے اس مہ لقا کی شان

Hamza ka raub zor-e-Ali Mustafa ki shaan
حمزہ کا رعب زورِ علی مصطفی کی شان

Pakeezagi nasab mein buzurgi sifat mein
پاکیزگی نسب میں بزرگی صفات میں

Shirini-e-kalam-e-Hasan baat baat mein
شیرینیٔ کلام حسنؑ بات بات میں

Allah, the splendour of the grandson of the Remover of difficulties!
From every limb of his, God's glory shone forth;
People were amazed to see the splendour of that moon-faced one:
The awe of Hamza, the might of Ali, the splendour of Mustafa;
Purity in his lineage, nobility in his qualities,
And the sweetness of Hasan's speech in every word.

89

Kuchh husn bachpane ka to kuchh aamad-e-shabab
کچھ حسن بچپنے کا تو کچھ آمد شباب

Wo gul sa jism aur wo chehre ki aab-o-taab
وہ گل سا جسم اور وہ چہرے کی آب و تاب

Apni jagah ye khaal ke nuqte hain intikhab
اپنی جگہ یہ خال کے نقطے ہیں انتخاب

Putli ka noor jin ki siyahi se bahra yab
پتلی کا نور جن کی سیاہی سے بہرہ یاب

Gardan ki zau mein taur tajalli-e-Toor ke
گردن کی ضو میں طور تجلیٔ طور کے

Sab uzw-e-tan dhale hue saanche mein noor ke
سب عضو تن ڈھلے ہوئے سانچے میں نور کے

Something of the beauty of childhood, something of youth's arrival;
That rose-like body and the lustre of that face;
These beauty spots are each perfect in their place,
From whose darkness the light of the eye's pupil takes its share;
In the gleam of his neck are the ways of the radiance of Sinai;
Every limb of his body was cast in a mould of light.

Free to read, copy and share

90

Dil pak rooh pak nazar pak jism pak
دل پاک روح پاک نظر پاک جسم پاک

Teenat mein aab-e-khuld tha aur Karbala ki khaak
طینت میں آبِ خلد تھا اور کربلا کی خاک

Ghurfon se jis ke husn ki hooron ko jhaank taak
غرفوں سے جس کے حسن
کی حوروں کو جھانک تاک

Yusuf jo dekh len to kahe roohuna fidak
یوسف جو دیکھ لیں تو کہے روحنا فداک

Naam us ka lauh par jo qalam ne raqam kiya
نام اس کا لوح پر جو قلم نے رقم کیا

Sau baar parh ke Sura-e-Noor us pe dam kiya
سو بار پڑھ کے سورۂ نور اس پہ دم کیا

Pure in heart, pure in soul, pure in sight, pure in body;
In his nature was the water of Paradise and the dust of Karbala;
The houris peeped at his beauty from their windows;
If Joseph saw him, he would say, 'May our souls be your ransom!'
When the Pen wrote his name upon the Tablet,
It recited the Sura of Light a hundred times and breathed it over him.

91

Kya dakhl, chaar ho, jo kisi be adab ki aankh
کیا دخل، چار ہو، جو کسی بے ادب کی آنکھ

Rakhti thi raub ye, na Ajam na Arab ki aankh
رکھتی تھی رعب یہ، نہ عجم نہ عرب کی آنکھ

Laakhon the us taraf pe jhapakti thi sab ki aankh
لاکھوں تھے اس طرف پہ
جھپکتی تھی سب کی آنکھ

Ghussa sitam ka, qahr ki chitwan ghazab ki aankh
غصہ ستم کا، قہر کی چتون غضب کی آنکھ

Paani tha, khauf-e-jaan se jigar, har daler ka
پانی تھا، خوف جاں سے جگر، ہر دلیر کا

Aahu shikar karte the maidan mein sher ka
آہو شکار کرتے تھے میداں میں شیر کا

What insolent eye would dare to meet his?
He held such awe that no eye, Persian or Arab, could do it;
On that side were hundreds of thousands, yet every eye flinched;
His anger was terrible, his glance wrathful, his eye furious.
From fear for their lives the heart of every brave man turned to water;
On that field the deer had come to hunt a lion.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Ghul tha rasool-e-pak ke sani ko dekhna
غل تھا رسولِ پاک کے ثانی کو دیکھنا

Husn-e-bahar-e-baagh-e-jawani ko dekhna
حسنِ بہار باغِ جوانی کو دیکھنا

Khilte hain gul shagufta bayani ko dekhna
کھلتے ہیں گل شگفتہ بیانی کو دیکھنا

Ye sab to hai pe ghuncha dahani ko dekhna
یہ سب تو ہے پہ غنچہ دہانی کو دیکھنا

Nazuk lab is sifat ke dahan is tareeq ka
نازک لب اس صفت کے دہن اس طریق کا

Khatim pe jar diya hai nageena aqeeq ka
خاتم پہ جڑ دیا ہے نگینہ عقیق کا

There was a cry: "Look at the likeness of the holy Messenger;
Look at the spring beauty of the garden of youth;
Flowers bloom: look at his blossoming speech;
All this is so, but look at his rosebud mouth;
Lips so delicate, a mouth so formed:
A carnelian gem set in a signet ring!"

93

Kuchh umr bhi nahin abhi athaarwan hai saal
کچھ عمر بھی نہیں ابھی اٹھارواں ہے سال

Ye baagh kis bahar mein hota hai paimal
یہ باغ کس بہار میں ہوتا ہے پائمال

Qamat ye hai ke sarv-e-gulistan-e-etidal
قامت یہ ہے کہ سروِ گلستانِ اعتدال

Maan baap dekh dekh ke kyun kar na hon nihal
ماں باپ دیکھ دیکھ کے کیوں کر نہ ہوں نہال

Aankhon ke saamne jo ye qamat na hoye gi
آنکھوں کے سامنے جو یہ قامت نہ ہوئے گی

Batlao maan ke dil pe qiyamat na hoye gi
بتلاؤ ماں کہ دل پہ قیامت نہ ہوئے گی

"He has hardly lived yet; it is his eighteenth year;
In what a spring this garden is being trampled!
His stature is that of a cypress in the garden of perfect form;
How should his mother and father not delight in the sight of him?
When this tall figure is no longer before their eyes,
Tell me, will a doomsday not fall upon his mother's heart?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

94

Zakhmi jo hogi teer se ye chaand si jabeen
زخمی جو ہوگی تیر سے یہ چاند سی جبیں

Patke gi sar ko khaak pe Bano-e-dil hazeen
پٹکے گی سر کو خاک پہ بانوئے دل حزیں

Teghon se jab katen ge ye rukhsar-e-nazneen
تیغوں سے جب کٹیں گے یہ رخسار نازنیں

Peeten ge donon haathon se munh apna shah-e-deen
پیٹیں گے دونوں ہاتھوں سے منہ اپنا شاہِ دیں

Seena chhide pisar ka to kya dil ko kal pare
سینہ چھدے پسر کا تو کیا دل کو کل پڑے

Ayyub bhi jo hon to kaleja nikal pare
ایوبؑ بھی جو ہوں تو کلیجہ نکل پڑے

"When this moon-like brow is wounded by an arrow,
Bano, grieving at heart, will beat her head on the ground;
When these delicate cheeks are slashed by swords,
The King of the faith will strike his face with both hands;
If a son's breast is pierced, how can a heart find peace?
Were one Job himself, his heart would burst."

95

Nagaah fauj-e-keen se Umar ne kiya kalam
ناگاہ فوج کیں سے عمرؑ نے کیا کلام

Ye waqt-e-kaar zaar hai ae sakinan-e-Shaam
یہ وقت کارزار ہے اے ساکنانِ شام

Bas hai yahi bisat shahanshah-e-khaas-o-aam
بس ہے یہی بساط شہنشاہِ خاص و عام

Maara gaya ye sher to mar jaayen ge Imam
مارا گیا یہ شیر تو مر جائیں گے امام

Looto janab Fatima Zahra ke baagh ko
لُوٹو جناب فاطمہؑ زہرا کے باغ کو

Thanda karo Husain ke ghar ke chiragh ko
ٹھنڈا کرو حسینؑ کے گھر کے چراغ کو

Suddenly Umar ibn Saad spoke to the army of hatred:
"This is the hour of battle, O men of Syria;
This is all that the emperor of high and low has left;
If this lion is killed, the Imam will die;
Plunder the garden of the honoured Fatima Zahra;
Put out the lamp of Husain's house."

Free to read, copy and share

96

Tasveer Mustafa ki mitaaye ga aaj jo
تصویر مصطفی کی مٹائے گا آج جو

Kehta hoon main ke sahib-e-jageer hoga wo
کہتا ہوں میں کہ صاحب جاگیر ہوگا وہ

Mahboob-e-Kibriya ke mushabeh hai gar to ho
محبوب کبریا کے مشابہ ہے گر تو ہو

Ab maslahat yahi hai ke mohlat use na do
اب مصلحت یہی ہے کہ مہلت اسے نہ دو

Hai is se kya murad haseen hai ke nek hai
ہے اس سے کیا مراد حسیں ہے کہ نیک ہے

Do laakh is taraf hain dilawar wo ek hai
دو لاکھ اس طرف ہیں دلاور وہ ایک ہے

"Whoever wipes out Mustafa's image today
Shall be granted an estate, I promise you;
If he resembles the Beloved of the Almighty, so be it;
The wise course now is to give him no respite.
What does it matter whether he is handsome or good?
There are two hundred thousand brave men on this side, and he is one."

97

Duniya na jaaye deen ka gar ho to ho zarar
دنیا نہ جائے دین کا گر ہو تو ہو ضرر

Tukre karo use ke ye dushman ka hai pisar
ٹکڑے کرو اسے کہ یہ دشمن کا ہے پسر

Tum aab deeda ho lab-e-khushk us ke dekh kar
تم آب دیدہ ہو لبِ خشک اس کے دیکھ کر

Qatra na doon main ghutniyon Asghar bhi aaye gar
قطرہ نہ دوں میں گھٹنیوں اصغرؑ بھی آئے گر

Ghair az Yazid aur koi hukmaran na ho
غیر از یزیدؔ اور کوئی حکمراں نہ ہو

Aulad-e-Murtaza mein kisi ka nishan na ho
اولاد مرتضیٰ میں کسی کا نشاں نہ ہو

"Let the world not slip away; if faith suffers, let it suffer;
Cut him to pieces, for he is the son of our enemy;
You are in tears at the sight of his dry lips?
I would not give a drop even if Asghar came crawling;
Let there be no ruler but Yazid;
Let no trace remain of Murtaza's descendants."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

98

Haan ghaziyo na us ki jawani ka gham karo
ہاں غازیو نہ اس کی جوانی کا غم کرو

Neze pe neze maaro sitam par sitam karo
نیزے پہ نیزے مارو ستم پر ستم کرو

Barchhi uthaao haathon pe teghen alam karo
برچھی اٹھاؤ ہاتھوں پہ تیغیں علم کرو

Nakhl-e-murad-e-sibt-e-nabi ko qalam karo
نخلِ مرادِ سبطِ نبی کو قلم کرو

Beta na jab raha to kidhar jaayen ge Husain
بیٹا نہ جب رہا تو کدھر جائیں گے حسینؑ

Ghore se ye gire ga to mar jaayen ge Husain
گھوڑے سے یہ گرے گا تو مر جائیں گے حسینؑ

"Now, warriors, do not grieve for his youth;
Strike spear upon spear, heap cruelty upon cruelty;
Raise your lances; hold your swords aloft;
Cut down the tree of the hopes of the Prophet's grandson;
When his son is gone, where will Husain go?
When this one falls from his horse, Husain will die."

99

Chhid jaaye ga sinan se jo is sher ka jigar
چھد جائے گا سناں سے جو اس شیر کا جگر

Tarpen ge kya zameen pe shahanshah-e-bahr-o-bar
تڑپیں گے کیا زمیں پہ شہنشاہ بحر و بر

Deorhi se maan pukaare gi hae hae mera pisar
ڈیوڑھی سے ماں پکارے گی ہے ہے مرا پسر

Nikle gi khema gah se Zainab barahna sar
نکلے گی خیمہ گاہ سے زینبؑ برہنہ سر

Hazrat to peette hue laashe pe aayen ge
حضرت تو پیٹتے ہوئے لاشے پہ آئیں گے

Hum lootne ko khema-e-aqdas mein jaayen ge
ہم لوٹنے کو خیمۂ اقدس میں جائیں گے

"When this lion's heart is pierced by a spearhead,
How the emperor of sea and land will writhe upon the ground!
His mother will cry from the entrance, 'Alas, alas, my son!'
Zainab will come out of the tents bareheaded;
The Hazrat will come to the body beating his breast,
And we shall go into the holy tent to plunder it."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Ye gul izaar dukhtar-e-Haidar ki jaan hai
یہ گل عذار دخترِ حیدرؑ کی جان ہے

Behnon ki zindagi hai biradar ki jaan hai
بہنوں کی زندگی ہے برادر کی جان ہے

Baba ki rooh hai tan-e-madar ki jaan hai
بابا کی روح ہے تنِ مادر کی جان ہے

Be jaan karo use ke ye sab ghar ki jaan hai
بے جاں کرو اسے کہ یہ سب گھر کی جان ہے

Jaushan yahi hai bazu-e-burna-o-peer ka
جوشن یہی ہے بازوئے برنا و پیر کا

Baad us ke khatima hai sagheer-o-kabeer ka
بعد اس کے خاتمہ ہے صغیر و کبیر کا

"This rose-cheeked one is the life of Haidar's daughter;
He is his sisters' life, his brother's life;
He is his father's soul, the life of his mother's body;
Take his life, for he is the life of the whole house;
He alone is the armour on the arm of young and old;
After him comes the end of small and great."

101

Ye sun ke fauj-e-keen hui aamada-e-nabard
یہ سن کے فوجِ کیں ہوئی آمادۂ نبرد

Dard-e-dil-e-Husain ka tha ek ko na dard
دردِ دل حسین کا تھا ایک کو نہ درد

Ghul sun ke ho gaya shah-e-wala ka rang zard
غل سن کے ہو گیا شہ والا کا رنگ زرد

Kaanpe jo paaon baith gaye bhar ke aah-e-sard
کانپے جو پاؤں بیٹھ گئے بھر کے آہ سرد

Maan gir pari zameen pe phuphi bilbila gayi
ماں گر پڑی زمیں پہ پھوپھی بلبلا گئی

Badli sitam ki waan Ali Akbar pe chha gayi
بدلی ستم کی واں علیؑ اکبر پہ چھا گئی

Hearing this, the army of hatred made ready for battle;
Not one of them felt for the pain in Husain's heart;
Hearing the uproar, the noble King turned pale;
His legs trembled, and he sat down with a cold sigh;
His mother fell to the ground; his aunt cried out in anguish;
There the cloud of cruelty spread over Ali Akbar.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Qarna phuki sipah mein tabl-e-wagha baja	قرنا پھکی سپاہ میں طبلِ وغا بجا
Baandhe pare sawaron ne barh barh ke ja ba ja	باندھے پرے سواروں نے بڑھ بڑھ کے جا بجا
Paidal, chale nabard ko baaje baja baja	پیدل، چلے نبرد کو باجے بجا بجا
Chillaaye Ahl-e-Bait ke hae hae ye kya baja	چلائے اہلِ بیت کہ ہے ہے یہ کیا بجا
Hazrat pukaare laal pe aada ke rele hain	حضرت پکارے لال پہ اعدا کے ریلے ہیں
Raando dua karo Ali Akbar akele hain	رانڈو دعا کرو علیؑ اکبر اکیلے ہیں

The trumpet sounded in the army; the war drum was beaten;
Horsemen pressed forward and drew up their ranks on every side;
Foot soldiers marched to battle, beating their drums;
The Household cried, "Alas, alas, what is that sound?"
The Hazrat cried, "The enemy are surging upon my son;
Widows, pray: Ali Akbar is alone!"

103

Larne ko us taraf se adu sab ke sab barhe	لڑنے کو اس طرف سے عدو سب کے سب بڑھے
Tanha idhar se Akbar-e-aali nasab barhe	تنہا ادھر سے اکبرؑ عالی نسب بڑھے
Choome qadam naheeb ne jhuk kar ye jab barhe	چومے قدم نہیب نے جھک کر یہ جب بڑھے
Goya pa-e-jihad Amir-e-Arab barhe	گویا پئے جہاد امیر عرب بڑھے
Dehshat se fauj-e-Shaam ki badli simat gayi	دہشت سے فوج شام کی بدلی سمٹ گئی
Qudrat Khuda ki din jo barha raat ghat gayi	قدرت خدا کی دن جو بڑھا رات گھٹ گئی

From that side all the enemies came forward to fight;
From this side the nobly born Akbar advanced alone;
When he advanced, Terror itself bowed and kissed his feet;
It was as if the Commander of Arabia were advancing to fight in God's way.
In terror the cloud of the army of Syria shrank back;
Such is God's power: as the day advanced, the night retreated.

Free to read, copy and share

104

Dhaalon ko rakh ke chehron pe gir gir pare hasood
ڈھالوں کو رکھ کے چہروں پہ گر گر پڑے حسود

Go the kai hazar pe kya un ki hast-o-bood
گو تھے کئی ہزار پہ کیا ان کی ہست و بود

Tharra gaya tamam junood-e-Saqar wurood
تھرا گیا تمام جنودِ سقر ورود

Noor-e-Khuda ke saamne zulmat ki kya namood
نورِ خدا کے سامنے ظلمت کی کیا نمود

Ibrat sipah-e-Shaam pe dah chand ho gayi
عبرت سپاہ شام پہ دہ چند ہو گئی

Baajon ki fauj-e-keen ke sada band ho gayi
باجوں کی فوجِ کیں کے صدا بند ہو گئی

Holding their shields over their faces, the envious fell headlong;
Though they were many thousands, what did their being amount to?
The whole host bound for Hell trembled;
What show can darkness make before the light of God?
Tenfold dread fell upon the army of Syria;
The sound of the drums of the army of hatred fell silent.

105

Jarrar ki zirah pe lage jab kai khadang
جرار کی زرہ پہ لگے جب کئی خدنگ

Safdar ne parh ke fateha, li tegh-e-shola rang
صفدر نے پڑھ کے فاتحہ، لی تیغ شعلہ رنگ

Chamka ik aaina ke hui fauj-e-Shaam dang
چمکا اک آئینہ کہ ہوئی فوج شام دنگ

Dikhlaaye tegh-e-tez ne bijli ke rang dhang
دکھلائے تیغ تیز نے بجلی کے رنگ ڈھنگ

Thi kis ko taab saiqa-e-shola baar ki
تھی کس کو تاب صاعقۂ شعلہ بار کی

Yaad aa gayi har ik ko chamak Zulfiqar ki
یاد آ گئی ہر اک کو چمک ذوالفقار کی

When several arrows struck the warrior's coat of mail,
The breaker of ranks recited the Fatiha and took up his flame-coloured sword;
A mirror flashed, and the army of Syria stood dumbfounded;
The keen blade showed all the ways of lightning;
Who could bear that flame-raining thunderbolt?
Everyone remembered the flash of Zulfiqar.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

106

Tham tham ke yun gaya saf-e-aada pe wo daler
تھم تھم کے یوں گیا صفِ اعدا پہ وہ دلیر

Jaata hai daaon kar ke ghazalon pe jaise sher
جاتا ہے داؤں کر کے غزالوں پہ جیسے شیر

Ghazi jo bhook pyaas mein tha zindagi se ser
غازی جو بھوک پیاس میں تھا زندگی سے سیر

Kushton ke pushte ho gaye dam mein saron ke dher
کشتوں کے پشتے ہو گئے دم میں سروں کے ڈھیر

Ik sail zor shor se aayi guzar gayi
اک سیل زور شور سے آئی گذر گئی

Sabit na ye hua saf-e-awwal kidhar gayi
ثابت نہ یہ ہوا صفِ اول کدھر گئی

Pausing and pressing on, the brave one went at the enemy ranks
As a lion stalks and springs upon gazelles;
The warrior, who in his hunger and thirst was weary of life,
In a moment piled up mounds of the slain and heaps of heads.
A flood came roaring in and swept past;
No one could tell where the front rank had gone.

107

Jab ye barhe lahu tan-e-aada ka ghat gaya
جب یہ بڑھے لہو تنِ اعدا کا گھٹ گیا

Baqi tha jo hisab wo laashon se pat gaya
باقی تھا جو حساب وہ لاشوں سے پٹ گیا

Lashkar mein fard fard ka chehra jo kat gaya
لشکر میں فرد فرد کا چہرا جو کٹ گیا

Pas dafatan sipah ka daftar ulat gaya
پس دفعتاً سپاہ کا دفتر الٹ گیا

Sar dakhil-e-khazana-e-sarkar ho gaye
سر داخلِ خزانۂ سرکار ہو گئے

Pehla hi jaiza tha ke bekar ho gaye
پہلا ہی جائزہ تھا کہ بیکار ہو گئے

When he advanced, the blood in the enemies' bodies ran low;
Whatever account was outstanding was paid off in corpses;
When every single soldier in the army had his name struck from the roll,
All at once the army's register was overturned;
Their heads were paid into the state treasury;
It was only the first muster, and they were all discharged.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

108

Chehre pe ek ke na bahali nazar pari
چہرے پہ ایک کے نہ بحالی نظر پڑی

Jo saf bhari hui thi wo khaali nazar pari
جو صف بھری ہوئی تھی وہ خالی نظر پڑی

Sar par sabhon ke tegh-e-hilali nazar pari
سر پر سبھوں کے تیغ ہلالی نظر پڑی

Soo-e-janoob fauj-e-shimali nazar pari
سوئے جنوب فوجِ شمالی نظر پڑی

Ghul tha ke tegh tez nahin maut aati hai
غل تھا کہ تیغ تیز نہیں موت آتی ہے

Kyun kar qadam thamen ke zameen sarki jaati hai
کیوں کر قدم تھمیں کہ زمیں سرکی جاتی ہے

Not one face showed any sign of composure;
The rank that had been full now looked empty;
Over every head the crescent sword was seen;
The northern army was seen heading south.
There was a cry: "This is no sharp sword; it is death coming!
How can our feet stand firm when the ground slips away?"

109

Tukre pare the khaak pe bhaale idhar udhar
ٹکڑے پڑے تھے خاک پہ بھالے اِدھر اُدھر

Chhupte the dar ke barchhiyon waale idhar udhar
چھپتے تھے ڈر کے برچھیوں والے اِدھر اُدھر

Pesh-e-nazar the khoon ke thaale idhar udhar
پیشِ نظر تھے خون کے تھالے اِدھر اُدھر

Abtar the dasht-e-keen mein risale idhar udhar
ابتر تھے دشتِ کیں میں رسالے اِدھر اُدھر

Milta tha fasl ka na thikana na baab ka
ملتا تھا فصل کا نہ ٹھکانا نہ باب کا

Sheeraza khul gaya tha sitam ki kitab ka
شیرازہ کھل گیا تھا ستم کی کتاب کا

Broken lances lay scattered on the ground;
The lancers hid here and there in fear;
Pools of blood lay everywhere before the eye;
The troops of horse were in disarray all over the field of hatred;
Neither section nor chapter could be found:
The binding of the book of cruelty had come undone.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

110

Barh kar kisi ne waar jo roka sipar kati	بڑھ کر کسی نے وار جو روکا سپر کٹی
Chaar aaina kata zirah-e-khaira sar kati	چار آئینہ کٹا زرہِ خیرہ سر کٹی
Neze ki har girah sifat-e-neshakar kati	نیزے کی ہر گرہ صفتِ نیشکر کٹی
Seena kata jigar hua zakhmi kamar kati	سینہ کٹا جگر ہوا زخمی کمر کٹی
Rahwar bhi do neem miyan-e-masaf tha	رہوار بھی دو نیم میانِ مصاف تھا
In sab ke baad munh ko jo dekha to saaf tha	ان سب کے بعد منہ کو جو دیکھا تو صاف تھا

When someone stepped up to parry a blow, his shield was cut;
His breastplate was cut, the insolent one's mail was cut;
Every joint of his spear was cut like sugarcane;
His breast was cut, his heart wounded, his waist cut through;
Even his horse lay cut in two upon the field;
And after all that, when one looked at the blade's edge, it was clean.

111

Wo ghaat baarh aur wo us ki chamak damak	وہ گھاٹ باڑھ اور وہ اس کی چمک دمک
Kaanpi kabhi zameen kabhi tharra gaye falak	کانپی کبھی زمیں کبھی تھرا گئے فلک
Shole mein ye chamak thi na bijli mein ye lapak	شعلے میں یہ چمک تھی نہ بجلی میں یہ لپک
Har zarb mein sama se talatum tha ta samak	ہر ضرب میں سما سے تلاطم تھا تا سمک
Kaunain mein hawas baja the na ek ke	کونین میں حواس بجا تھے نہ ایک کے
Gaav-e-zameen simatti thi ghanton ko tek ke	گاوِ زمیں سمٹتی تھی گھنٹوں کو ٹیک کے

That edge and that keenness, and its glitter and gleam!
Now the earth shook, now the heavens trembled;
No flame had such a flash, no lightning such a leap;
At every blow there was turmoil from the sky down to the Fish beneath the earth;
In both worlds no one kept his wits;
The bull that bears the earth crouched down on its knees.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

112

Seedhi chali wo jab saf-e-dushman ulat gayi
سیدھی چلی وہ جب صفِ دشمن الٹ گئی

Baqi thi jitni umr tah-e-tegh kat gayi
باقی تھی جتنی عمر تہِ تیغ کٹ گئی

Aa kar zameen pe jab soo-e-gardan palat gayi
آ کر زمیں پہ جب سوئے گردن پلٹ گئی

Bijli se raad raad se bijli lipat gayi
بجلی سے رعد رعد سے بجلی لپٹ گئی

Girte the jinn, zameen pe munh dhaanp dhaanp ke
گرتے تھے جن، زمین پہ منہ ڈھانپ ڈھانپ کے

Hatte the Jibreel-e-Ameen kaanp kaanp ke
ہٹتے تھے جبرئیل امیں کانپ کانپ کے

When it struck straight ahead, the enemy's rank was overturned;
All the life that was left to them was cut off beneath the sword;
When it struck the ground and turned back towards a neck,
Thunder clung to lightning and lightning to thunder;
The jinn fell to the ground, covering their faces;
Gabriel the Trusted drew back, trembling.

113

Milta na tha safon mein alam ka nishan kahin
ملتا نہ تھا صفوں میں عَلم کا نشاں کہیں

Chille kahin the shast kahin aur kamaan kahin
چلے کہیں تھے شست کہیں اور کماں کہیں

Neze kahin the daand kahin aur sinan kahin
نیزے کہیں تھے ڈانڈ کہیں اور سناں کہیں

Jamdhar kahin kamand kahin barchhiyan kahin
جمدھر کہیں کمند کہیں برچھیاں کہیں

Ik ik siyah ru ka jigar daagh daagh tha
اک اک سیاہ رو کا جگر داغ داغ تھا

Jangal tamam dhaalon ke phoolon se baagh tha
جنگل تمام ڈھالوں کے پھولوں سے باغ تھا

No sign of a standard was left anywhere in the ranks;
Bowstrings lay here, thumb-rings there, bows somewhere else;
Spears here, shafts there, spearheads elsewhere;
Daggers here, lassoes there, lances elsewhere;
The heart of every black-faced one was covered with scars;
The whole wilderness was a garden of shield-bosses.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

114

Chamki giri uthi idhar aayi udhar gayi
چمکی گری اٹھی ادھر آئی اُدھر گئی

Khaali kiye pare to safen khoon mein bhar gayi
خالی کیے پرے تو صفیں خوں میں بھر گئی

Kaate kabhi qadam kabhi bala-e-sar gayi
کاٹے کبھی قدم کبھی بالائے سر گئی

Nadi ghazab ki thi ke charhi aur utar gayi
ندی غضب کی تھی کہ چڑھی اور اتر گئی

Ik shor tha ye kya hai jo qahr-e-Samad nahin
اک شور تھا یہ کیا ہے جو قہرِ صمد نہیں

Aisa to rood-e-Neel mein bhi jazr-o-madd nahin
ایسا تو رودِ نیل میں بھی جزر و مد نہیں

It flashed, fell, rose, came here and went there;
It emptied the squadrons and drenched the ranks in blood;
Now it cut at the feet, now it rose above the head;
It was a furious river that rose and then fell.
There was a cry: "What is this, if not the wrath of the Eternal?
Not even the Nile has such an ebb and flow!"

115

Sar khud saron ke chambar-e-gardan se ur gaye
سر خود سروں کے چنبرِ گردن سے اڑ گئے

Haath aasteen se ur gaye sar tan se ur gaye
ہاتھ آستیں سے اڑ گئے سر تن سے اڑ گئے

Dar dar ke sab parind nasheman se ur gaye
ڈر ڈر کے سب پرند نشیمن سے اڑ گئے

Paayi jo raah tair-e-jaan san se ur gaye
پائی جو راہ طائرِ جاں سَن سے اڑ گئے

The qatl-e-aam par Ali Akbar tule hue
تھے قتلِ عام پر علیؑ اکبر تلے ہوئے

Raste the band zakhmon ke kooche khule hue
رستے تھے بند زخموں کے کوچے کھلے ہوئے

The heads of the arrogant flew from the rings of their necks;
Hands flew from sleeves, heads from bodies;
In fear every bird flew from its nest;
Finding a way out, the birds of life flew off with a rush.
Ali Akbar was set on slaughtering them all;
The roads were blocked, but the lanes of wounds lay open.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

116

Allah re do zabani-e-tegh-e-do dam ka kaat
اللہ رے دو زبانیٔ تیغ دو دم کا کاٹ

Aafat thi jis ki baarh qiyamat tha jis ka ghaat
آفت تھی جس کی باڑھ قیامت تھا جس کا گھاٹ

Maqtal se ta ba nahr tha darya-e-khoon ka paat
مقتل سے تا بہ نہر تھا دریائے خوں کا پاٹ

Har dam thi us ko taaza lahu chaatne ki chaat
ہر دم تھی اس کو تازہ لہو چاٹنے کی چاٹ

Sakhti ko jor band ke kab maanti thi wo
سختی کو جوڑ بند کے کب مانتی تھی وہ

Har ustukhwan ko maghz-e-qalam jaanti thi wo
ہر استخواں کو مغز قلم جانتی تھی وہ

Allah, the cutting power of that two-tongued, two-edged sword!
Its edge was a calamity, its bevel a doomsday;
From the killing ground to the river stretched a river of blood;
Every moment it craved to lick fresh blood;
It paid no heed to the hardness of joints and sinews;
It took every bone for the soft pith of a reed.

117

Aayi jidhar palat ke safon ko bichha gayi
آئی جدھر پلٹ کے صفوں کو بچھا گئی

Tan se ura diya wahi sar jis ko pa gayi
تن سے اڑا دیا وہی سر جس کو پا گئی

Har ik kari ko narm samajh kar chaba gayi
ہر اک کڑی کو نرم سمجھ کر چبا گئی

Faulad ki zirah ko ishaare mein kha gayi
فولاد کی زرہ کو اشارے میں کھا گئی

Chaar aaina ka kaat bhi us par hawala tha
چار آئینہ کا کاٹ بھی اس پر حوالہ تھا

Zikr us ka kya hai khod to munh ka niwala tha
ذکر اس کا کیا ہے خود تو منہ کا نوالہ تھا

Wherever it turned, it laid the ranks flat;
Whatever head it found it sent flying from its body;
It took every link of mail for something soft and chewed it up;
It devoured steel mail at a single gesture;
The cutting of breastplates too was left to it;
What of that? A helmet was a mere mouthful.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

118

Yaara qarar ka tha na surat farar ki
یارا قرار کا تھا نہ صورت فرار کی

Paidal ki maut thi to kharabi sawar ki
پیدل کی موت تھی تو خرابی سوار کی

Roeen tanon ko, taab na thi ek waar ki
روئیں تنوں کو، تاب نہ تھی ایک وار کی

Tukre the do ke haath ye ghaai thi chaar ki
ٹکڑے تھے دو کے ہاتھ یہ گھائی تھی چار کی

Aage barhe to munh wahin kat jaaye Geev ka
آگے بڑھے تو منہ وہیں کٹ جائے گیو کا

Bijli ki thi karak ke tamancha tha dev ka
بجلی کی تھی کڑک کہ طمانچہ تھا دیو کا

There was neither strength to stand nor any way to flee;
It was death for the foot soldier and ruin for the horseman;
Even the invulnerable could not bear a single stroke;
Two were hacked to pieces at once; each stroke was worth four;
If Giv himself came forward, his face would be cut then and there;
It was a crack of lightning, or the slap of a demon.

119

Utri zameen pe wo sar-e-dushman pe jab charhi
اتری زمیں پہ وہ سر دشمن پہ جب چڑھی

Dam bhar mein aab-e-tegh ki nadi ghazab charhi
دم بھر میں آبِ تیغ کی ندی غضب چڑھی

Ik shor tha safon mein kab utri ye kab charhi
اک شور تھا صفوں میں کب اتری یہ کب چڑھی

Sab ko bukhar-e-tegh se larze ki tap charhi
سب کو بخارِ تیغ سے لرزے کی تپ چڑھی

Maqtal se bhaagne pe tunak zarf tul gaye
مقتل سے بھاگنے پہ تنک ظرف تُل گئے

Kaanpe ye neza baaz ke sab band khul gaye
کانپے یہ نیزہ باز کہ سب بند کُھل گئے

Whenever it rose over an enemy's head, it came down to the ground;
In a moment the river of the sword's temper rose in fury;
There was a cry in the ranks: "When did it fall? When did it rise?"
From the fever of the sword all were seized with shivering;
The faint-hearted were bent on fleeing the field;
The spearmen shook so that all their joints came loose.

Free to read, copy and share

120

Zinda kisi ko tegh-e-do dam chhorti na thi
زندہ کسی کو تیغ دو دم چھوڑتی نہ تھی

Pyaasi ye thi ke jism mein dam chhorti na thi
پیاسی یہ تھی کہ جسم میں دم چھوڑتی نہ تھی

Be dam kiye gala koi dam chhorti na thi
بے دم کیے گلا کوئی دم چھوڑتی نہ تھی

Bhaagen kahan ke maut qadam chhorti na thi
بھاگیں کہاں کہ موت قدم چھوڑتی نہ تھی

Khud wo dabe jo larte the ghoron ko daab ke
خود وہ دبے جو لڑتے تھے گھوڑوں کو داب کے

Beri qadam mein ban gaye, halqe rikab ke
بیڑی قدم میں بن گئے، حلقے رکاب کے

The two-edged sword left no one alive;
It was so thirsty that it left no breath in any body;
Not for a moment did it spare a throat without stopping its breath;
Where could they flee, when death would not leave their heels?
Those who fought pressing their horses with their thighs were crushed themselves;
The rings of the stirrups became fetters on their feet.

121

Qaar-e-Saqar mein kushta-e-zarb-e-nukhust the
قعرِ سقر میں کشتۂ ضربِ نخست تھے

Be sar hue bahut jo larai mein chust the
بے سر ہوئے بہت جو لڑائی میں چست تھے

Qabza mein tha na zor na bazu durust the
قبضہ میں تھا نہ زور نہ بازو درست تھے

Khenchen kise kamanon ke bazu bhi sust the
کھینچیں کسے کمانوں کے بازو بھی سست تھے

Har kaj nihad teer-e-ajal ka nishana tha
ہر کج نہاد تیر اجل کا نشانہ تھا

Shaane bhi the qalam ye naya shakhsana tha
شانے بھی تھے قلم یہ نیا شاخسانہ تھا

Those slain by his first blow were in the depths of Hell;
Many who had been nimble in battle were left headless;
There was no strength in their grip, no soundness in their arms;
How could they draw their bows? Even the bows' arms had gone slack.
Every crooked soul was a target for the arrow of death;
Their shoulders too were cut off: this was a new turn.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

122

Teghon ko dar ke arbada ju phenkne lage
تیغوں کو ڈر کے عربدہ جو پھینکنے لگے

Mighfar saron se misl-e-saboo phenkne lage
مغفر سروں سے مثل سبو پھینکنے لگے

Halqe kamaan ke sab lab-e-ju phenkne lage
حلقے کماں کے سب لب جو پھینکنے لگے

Tinka samajh ke teer adu phenkne lage
تنکا سمجھ کے تیر عدو پھینکنے لگے

Tarkash bhi ahl-e-zulm ke aafat raseeda the
ترکش بھی اہل ظلم کے آفت رسیدہ تھے

Chille bhi kashmakash mein kamaan se kasheeda the
چلّے بھی کشمکش میں کماں سے کشیدہ تھے

In fear the quarrelsome began to throw down their swords;
They flung their helmets from their heads like jugs;
They all threw the rings of their bows by the bank of the stream;
The enemy threw away their arrows as if they were straws;
Even the oppressors' quivers were stricken by calamity;
In the struggle even the bowstrings were pulled from the bows.

123

Karte the fath jang ko jo ek aan mein
کرتے تھے فتح جنگ کو جو ایک آن میں

Raasha tha un ke haath mein luknat zaban mein
رعشہ تھا ان کے ہاتھ میں لکنت زبان میں

Uljhaate the kamand kameene kamaan mein
الجھاتے تھے کمند کمینے کمان میں

Tarkash mein teghen rakhte the teeron ko miyan mein
ترکش میں تیغیں رکھتے تھے تیروں کو میان میں

Talwar rakh ke haath se munh dhaanp lete the
تلوار رکھ کے ہاتھ سے منہ ڈھانپ لیتے تھے

Aati thi tegh jab to sipar phenk dete the
آتی تھی تیغ جب تو سپر پھینک دیتے تھے

Those who used to win a battle in a moment
Now had trembling hands and stammering tongues;
The base wretches tangled their lassoes in their bows;
They put their swords in their quivers and their arrows in their scabbards;
They laid down their swords and covered their faces with their hands;
When the sword came, they threw away their shields.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Barhte the jo pare se bare bol bol ke
بڑھتے تھے جو پرے سے بڑے بول بول کے

Pehle inhen ko maar liya rol rol ke
پہلے انہیں کو مار لیا رول رول کے

Hamla kiya jo tegh-e-do dam taul taul ke
حملہ کیا جو تیغِ دو دم تول تول کے

Hathiyar sab ne phenk diye khol khol ke
ہتھیار سب نے پھینک دیے کھول کھول کے

Is shaan se kabhi na Ajam na Arab lare
اس شان سے کبھی نہ عجم نہ عرب لڑے

Do din ki pyaas mein Ali Akbar ghazab lare
دو دن کی پیاس میں علیؑ اکبر غضب لڑے

Those who came forward from the squadron boasting loudly
He struck down first, rolling them in the dust;
When he charged, poising his two-edged sword,
All of them unbuckled their weapons and threw them down;
Neither Persian nor Arab ever fought with such splendour;
Thirsty for two days, Ali Akbar fought furiously.

125

Dehshat se kitne doob ke darya mein mar gaye
دہشت سے کتنے ڈوب کے دریا میں مر گئے

Is ghaat par jo aaye sar un ke utar gaye
اس گھاٹ پر جو آئے سر ان کے اتر گئے

Rasta tha ek idhar wo gaye ya udhar gaye
رستہ تھا ایک اِدھر وہ گئے یا اُدھر گئے

Har phir ke har taraf se miyan-e-Saqar gaye
ہر پھر کے ہر طرف سے میانِ سقر گئے

Nar un ke ishtiyaq mein aab un ki laag mein
نار ان کے اشتیاق میں آب ان کی لاگ میں

Phenka hawa ne aab mein paani ne aag mein
پھینکا ہوا نے آب میں پانی نے آگ میں

In terror many drowned in the river and died;
Whoever came to that landing lost his head;
There was but one road, whether they went this way or that;
Turning this way and that, from every side they went into the midst of Hell;
Fire longed for them, water bore them a grudge;
The wind cast them into the water, and the water into the fire.

Free to read, copy and share

126

Wo harb wo shikoh wo shaan-e-payambari
وہ حرب وہ شکوہ وہ شانِ پیمبری

Nare wo zor-o-shor ke wo zarb-e-Haidari
نعرے وہ زور و شور کے وہ ضربِ حیدریؑ

Wo tegh-e-khoon chakan wo jalal-e-ghazanfari
وہ تیغ خوں چکاں وہ جلالِ غضنفری

Rakib jo rashk-e-hoor to rahwar bhi pari
راکب جو رشکِ حور تو رہوار بھی پری

Chalak aahuwan-e-Khutan is qadar na the
چالاک آہوانِ ختن اس قدر نہ تھے

Ur jaata tha Huma ki tarah aur par na the
اڑ جاتا تھا ہما کی طرح اور پر نہ تھے

That fighting, that grandeur, that prophetic splendour;
Those mighty roars, those blows like Haidar's;
That blood-dripping sword, that lion-like majesty;
If the rider was the envy of the houris, his steed was a fairy too;
Not even the deer of Khutan were so nimble;
It flew like the Huma bird, though it had no wings.

127

Bareek jild wo ke nazar aaye tan ka khoon
باریک جلد وہ کہ نظر آئے تن کا خوں

Kunde ko dekh kar mah-e-nau howe sar nigoon
لنڈے کو دیکھ کر مہِ نو ہووے سرنگوں

Raftar mein wo sehr ke pariyon ko ho junoon
رفتار میں وہ سحر کہ پریوں کو ہو جنوں

Ghunche bhi kuchh bare hain kanauti ko kya karoon
غنچے بھی کچھ بڑے ہیں کنوتی کو کیا کروں

Qurbaan hazar jaan, faras-e-be nazeer par
قرباں ہزار جان، فرس بے نظیر پر

Paikan do charhe hue hain ek teer par
پیکان دو چڑھے ہوئے ہیں ایک تیر پر

Its skin so fine that the blood beneath could be seen;
At the sight of its arching curve the new moon would bow its head;
Such magic in its gait that fairies would go mad;
Even rosebuds are too large; how shall I describe its ears?
A thousand lives be sacrificed for that matchless steed!
Its ears are two arrowheads fitted to one arrow.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

128

Kotah-o-gird-o-saaf kanauti kamar kafal
کوتاہ و گرد و صاف کنوتی کمر کفل

Kya khushnuma kushadagi-e-seena-o-baghal
کیا خوشنما کشادگیِ سینہ و بغل

Seemab ki tarah nahin aaram ek pal
سیماب کی طرح نہیں آرام ایک پل

Phirta tha is tarah ke phire jis tarah se kal
پھرتا تھا اس طرح کہ پھرے
جس طرح سے کَل

Rakib ne saans li ke wo koson rawana tha
راکب نے سانس لی کہ وہ کوسوں روانہ تھا

Taar-e-nafas bhi us ke liye taziyana tha
تارِ نفس بھی اس کے لیے تازیانہ تھا

Short, round and clean were its ears, its waist and its rump;
How handsome the breadth of its chest and flanks!
Like quicksilver it was never still for a moment;
It wheeled as smoothly as a machine;
The rider had only to draw breath, and it was miles away;
Even the thread of a breath was a whip to it.

129

Wo jast khez surat-e-chalaki-e-samand
وہ جست خیز سرعتِ چالاکیِ سمند

Saanche mein the dhale hue sab us ke jor band
سانچے میں تھے ڈھلے ہوئے
سب اس کے جوڑبند

Sum qurs-e-mahtab se raushan hazar chand
سُم قرص ماہتاب سے روشن ہزار چند

Nazuk mizaj-o-shokh-o-siyah jism sar buland
نازک مزاج و شوخ و سیہ جسم سربلند

Gar hil gayi hawa se zara baag ur gaya
گر ہل گئی ہوا سے ذرا باگ اڑ گیا

Putli sawar ki na phiri thi ke mur gaya
پتلی سوار کی نہ پھری تھی کہ مُڑ گیا

That leaping and bounding, the speed and nimbleness of the steed!
All its joints and limbs seemed cast in a mould;
Its hooves were a thousand times brighter than the disc of the moon;
Delicate in temper, spirited, black-bodied, head held high;
If the reins so much as stirred in the breeze, it flew off;
Before the rider's eye had turned, it had already wheeled.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Aahu ki jast sher ki aamad pari ki chaal	آہو کی جست شیر کی آمد پری کی چال
Kabk-e-dari khajil par-e-taoos paimal	کبکِ دری خجل پرِ طاؤس پائمال
Sabza subuk rawi mein qadam ke tale nihal	سبزہ سبک روی میں قدم کے تلے نہال
Ik do qadam mein bhool gaye chaukri ghazal	اک دو قدم میں بھول گئے چوکڑی غزال
Jo aa gaya qadam ke tale gard burd tha	جو آگیا قدم کے تلے گرد برد تھا
Chhal bal ghazab ki thi ke chhalawa bhi gard tha	چھل بل غضب کی تھی کہ چھلاوا بھی گرد تھا

The leap of a deer, the onset of a lion, the gait of a fairy;
The mountain partridge put to shame, the peacock's plumes trampled;
So light was its step that the grass beneath its hooves stayed fresh;
Within a step or two the gazelles forgot their leaping;
Whatever came beneath its hooves was ground to dust;
Its feints were so astonishing that even a phantom was dust beside it.

131

Bijli kabhi bana kabhi rahwar ban gaya	بجلی کبھی بنا کبھی رہوار بن گیا
Aaya araq to abr-e-guhar baar ban gaya	آیا عرق تو ابرِ گہربار بن گیا
Gah qutb, gaah gumbad-e-dawwar ban gaya	کہ قطب، گاہ گنبدِ دوّار بن گیا
Nuqta kabhi bana kabhi parkar ban gaya	نقطہ کبھی بنا کبھی پرکار بن گیا
Hairan the us ke gasht pe log us hujoom ke	حیراں تھے اس کے گشت پہ لوگ اس ہجوم کے
Thori si ja mein phirta tha kya jhoom jhoom ke	تھوڑی سی جا میں پھرتا تھا کیا جھوم جھوم کے

Now it became lightning, now a steed again;
When it broke into sweat, it became a cloud raining pearls;
Now it was the pole, now the revolving dome of heaven;
Now it was the point, now the compass.
The people of that throng were amazed at its wheeling;
How it swayed and turned in so small a space!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Jab us jari ne qatl kiye paanch sau jawan
جب اس جری نے قتل کیے پانچ سو جواں

Har saf se har pare se utha shor al aman
ہر صف سے ہر پرے سے اٹھا شور الاماں

Chillaaya Ibn-e-Saad-e-siyah qalb-o-sakht jaan
چلایا ابن سعدِ سیہ قلب و سخت جاں

Niklen wo das hazar kamandar hain kahan
نکلیں وہ دس ہزار کماندار ہیں کہاں

Barchhi ka ab hai kaam na talwar chaahiye
برچھی کا اب ہے کام نہ تلوار چاہیے

Is naujawan pe teeron ki bauchhar chaahiye
اس نوجواں پہ تیروں کی بوچھار چاہیے

When that brave one had killed five hundred young men,
From every rank and every squadron rose the cry, "Mercy!"
The black-hearted, hard-souled Ibn Saad shouted,
"Let those ten thousand archers come out; where are they?
There is no more work for the lance, no need for the sword;
What this young man needs is a shower of arrows."

133

Ye sun ke tishna lab pe chale chaar soo se teer
یہ سن کے تشنہ لب پہ چلے چار سو سے تیر

Patthar aqab se parne lage ru ba ru se teer
پتھر عقب سے پڑنے لگے رو برو سے تیر

Aate the fauj fauj, sipah-e-adu se teer
آتے تھے فوج فوج، سپاہِ عدو سے تیر

Sab surkh the shabeeh-e-nabi ke lahu se teer
سب سرخ تھے شبیہ نبی کے لہو سے تیر

Maqtal mein kya hujoom tha is noor-e-ain par
مقتل میں کیا ہجوم تھا اس نورِ عین پر

Parwane gir rahe the chiragh-e-Husain par
پروانے گر رہے تھے چراغِ حسینؑ پر

Hearing this, they loosed arrows at the thirsty one from all four sides;
Stones began to fall from behind, arrows from the front;
Arrows came in hosts from the enemy's army;
All the arrows were red with the blood of the Prophet's likeness.
What a throng there was on the killing field around that darling!
Moths were falling upon Husain's lamp.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Seene pe teer kha ke uthaya jo rahwar
سینے پہ تیر کھا کے اٹھایا جو راہوار

Bijli chamak ke ho gayi goya falak ke paar
بجلی چمک کے ہو گئی گویا فلک کے پار

Sar khaak par giraane lagi tegh-e-aabdar
سر خاک پر گرانے لگی تیغ آبدار

Teeron ko phenk phenk ke bhaage khata shiaar
تیروں کو پھینک پھینک کے بھاگے خطا شعار

Hamla kiya tha jin pe rukh un ke to phir gaye
حملہ کیا تھا جن پہ رخ ان کے تو پھر گئے

Par ye palat ke barchhiyon waalon mein ghir gaye
پر یہ پلٹ کے برچھیوں والوں میں گھر گئے

Taking an arrow in his breast, he spurred his steed;
It was as if lightning had flashed and passed beyond the sky;
The gleaming sword began to bring heads down to the dust;
The wrongdoers threw away their arrows and fled.
Those he had charged turned their faces away,
But as he turned back, he was surrounded by the lancers.

135

Yun aa gaya sinanon mein wo aasmaan janab
یوں آگیا سنانوں میں وہ آسماں جناب

Ho jis tarah khutoot-e-shuai mein aftab
ہو جس طرح خطوطِ شعاعی میں آفتاب

Sookhi zaban mein par gaye kaante baghair aab
سوکھی زباں میں پڑ گئے کانٹے بغیر آب

Taqat bhi fart-e-zoaf se dene lagi jawab
طاقت بھی فرط ضعف سے دینے لگی جواب

Aamad hui jo ghash ki sar-e-pak jhuk gaya
آمد ہوئی جو غش کی سرِ پاک جھک گیا

Wa hasrata ke haath bhi larne se ruk gaya
واحسرتا کہ ہاتھ بھی لڑنے سے رک گیا

That one of heavenly rank was caught among the spearheads
As the sun is caught among its rays;
Without water, thorns grew on his dry tongue;
His strength too began to fail from utter weakness;
When faintness came over him, his pure head drooped;
Alas, his hand too ceased fighting.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

136

Is haal mein bhi tegh se kin barchhiyan qalam
اس حال میں بھی تیغ سے کیں برچھیاں قلم

Lekin jigar pe lag gaya ik neza-e-sitam
لیکن جگر پہ لگ گیا اک نیزۂ ستم

Zakhm-e-jigar se behne laga khoon dam ba dam
زخمِ جگر سے بہنے لگا خون دم بہ دم

Nikle hue rikabon se tharraate the qadam
نکلے ہوئے رکابوں سے تھراتے تھے قدم

Khencha jo us ne seene se neza takaan ke saath
کھینچا جو اس نے سینے سے نیزہ تکاں کے ساتھ

Do para-e-jigar nikal aaye sinan ke saath
دو پارۂ جگر نکل آئے سناں کے ساتھ

Even in that state he cut through lances with his sword,
But a cruel spear struck him in the heart;
Blood began to flow ceaselessly from the wound in his heart;
His feet, slipped from the stirrups, trembled.
When the man wrenched the spear out of his breast,
Two pieces of his heart came out with the spearhead.

137

Neza laga ke bhaag chala tha wo nabakar
نیزہ لگا کے بھاگ چلا تھا وہ نابکار

Qurbaan jurat-e-pisar-e-shah-e-namdar
قربان جرأتِ پسرِ شاہِ نامدار

Zakhm-e-sinan tha seena-e-anwar ke waar paar
زخمِ سناں تھا سینۂ انور کے وار پار

Maari shaqi ko daur ke ik tegh-e-aabdar
ماری شقی کو دوڑ کے اک تیغ آبدار

Pahunchon se us ke haath qalam ho ke gir pare
پہونچوں سے اس کے ہاتھ قلم ہو کے گر پڑے

Lekin faras se aap bhi kham ho ke gir pare
لیکن فرس سے آپ بھی خم ہو کے گر پڑے

Having driven in the spear, the wretch was running away;
I would give my life for the courage of the renowned King's son!
Though the spear wound ran clean through his radiant breast,
He rode after the wretch and struck him with his gleaming sword;
The man's hands were cut off at the wrists and fell,
But he himself bent over and fell from his horse.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

138

Girna tha bas ke sar pe laga gurz hae sitam
گرنا تھا بس کہ سر پہ لگا گرز ہے ستم

Yun jhuk gaye ke hote hain sajde mein jaise kham
یوں جھک گئے کہ ہوتے ہیں
سجدے میں جیسے خم

Rakh di gale par Shees ne shamsheer-e-tez dam
رکھ دی گلے پر شیثؑ نے شمشیر تیز دم

Talwar ik pari ke huin pasliyan qalam
تلوار اک پڑی کہ ہوئیں پسلیاں قلم

Ghul tha karo na rahm tan-e-paash paash par
غل تھا کرو نہ رحم تنِ پاش پاش پر

Daura do ghore Akbar-e-mahru ki laash par
دوڑا دو گھوڑے اکبرؑ مہرو کی لاش پر

As he fell, a mace struck his head: alas, the cruelty!
He bent forward as one bows in prostration;
Shees laid a keen-edged sword upon his throat;
A sword fell so that his ribs were cut through;
There was a cry: "Show no mercy to the shattered body;
Gallop your horses over the body of moon-faced Akbar!"

139

Hazrat khare the kheme ki pakre hue tanab
حضرت کھڑے تھے خیمے کی پکڑے ہوئے طناب

Sun kar ye ghul rahi na dil-e-natawan ko taab
سن کر یہ غل رہی نہ دلِ ناتواں کو تاب

Nagaah ran se aayi sada ae falak janab
ناگاہ رن سے آئی صدا اے فلک جناب

Beta jahan se jaata hai ab aaiye shitab
بیٹا جہاں سے جاتا ہے اب آئیے شتاب

Laashe pe zulm-o-jaur bad afal karte hain
لاشے پہ ظلم و جور بد افعال کرتے ہیں

Ghoron se ahl-e-keen hamen pamal karte hain
گھوڑوں سے اہل کیں ہمیں پامال کرتے ہیں

The Hazrat stood holding a tent rope;
Hearing this uproar, his weakened heart could bear no more;
Suddenly a voice came from the field: "O you of heavenly rank,
Your son is leaving the world; come quickly now;
Evildoers are working cruelty and injustice on my body;
The hateful are trampling me under their horses."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

140

Sun kar ye istighasa-e-farzand-e-khush khisal
سن کر یہ استغاثۂ فرزند خوش خصال

Sayyid ne aah ki ke hila arsh-e-Zul Jalal
سید نے آہ کی کہ ہلا عرش ذو الجلال

Khole janab Fatima ki betiyon ne baal
کھولے جناب فاطمہؑ کی بیٹیوں نے بال

Bano pukaari khair to hai ae Ali ke laal
بانوؑ پکاری خیر تو ہے اے علیؑ کے لال

Hae hae pisar se kaun si madar bichhar gayi
ہے ہے پسر سے کون سی مادر بچھڑ گئی

Sahib batao kya meri basti ujar gayi
صاحب بتاؤ کیا مری بستی اجڑ گئی

Hearing this cry for help from his good-natured son,
The Sayyid sighed so deeply that the Throne of the Lord of Majesty shook;
The daughters of the honoured Fatima loosened their hair;
Bano cried out, "Is all well, O son of Ali?
Alas, alas, which mother has been parted from her son?
Tell me, my lord, has my home been laid waste?"

141

Neze se kis ke laal ka zakhmi hua jigar
نیزے سے کس کے لال کا زخمی ہوا جگر

Karte hain kis ki laash ko pamal ahl-e-shar
کرتے ہیں کس کی لاش کو پامال اہلِ شر

Kehta hai kaun ran mein tarap kar pidar pidar
کہتا ہے کون رن میں تڑپ کر پدر پدر

Ab ghar se main nikalti hoon hae hae mera pisar
اب گھر سے میں نکلتی ہوں ہے ہے مرا پسر

Parda na mujh se kijiye sab jaanti hoon main
پردہ نہ مجھ سے کیجیے سب جانتی ہوں میں

Aawaz ye usi ki hai pehchaanti hoon main
آواز یہ اسی کی ہے پہچانتی ہوں میں

"Whose son's heart has been wounded by a spear?
Whose body are the wicked trampling?
Who is crying on the field in agony, 'Father, father'?
I am coming out of the tent now; alas, alas, my son!
Do not hide it from me; I know everything;
That is his voice; I recognise it."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

142

Bano ko qasmen de ke chale shah-e-namdar
بانوؑ کو قسمیں دے کے چلے شاہِ نامدار

Wo pyaas aur wo dhoop ka sadma wo iztirar
وہ پیاس اور وہ دھوپ کا صدمہ وہ اضطرار

Dil tha ulat palat to kaleja tha be qarar
دل تھا الٹ پلٹ تو کلیجہ تھا بے قرار

Uthte the aur zameen pe girte the baar baar
اٹھتے تھے اور زمین پہ گرتے تھے بار بار

Chillaate the shabeeh-e-payambar hum aate hain
چلاتے تھے شبیہ پیمبر ہم آتے ہیں

Ghabraaiyo na ae Ali Akbar hum aate hain
گھبرائیو نہ اے علیؑ اکبر ہم آتے ہیں

Binding Bano by oaths to stay behind, the renowned King set out;
That thirst, the cruelty of that sun, that distress!
His heart was in turmoil, his soul restless;
Again and again he rose and fell to the ground;
He cried, "Likeness of the Prophet, I am coming;
Do not be afraid, Ali Akbar: I am coming!"

143

Beta pukaaro phir ke basarat mein farq hai
بیٹا پکارو پھر کہ بصارت میں فرق ہے

Ae noor-e-ain jism ki taqat mein farq hai
اے نور عین جسم کی طاقت میں فرق ہے

Tum ye na jaaniyo ke mohabbat mein farq hai
تم یہ نہ جانیو کہ محبت میں فرق ہے

Zakhmi hai qalb rooh ki raahat mein farq hai
زخمی ہے قلب روح کی راحت میں فرق ہے

Daagh-e-jigar mila hamen godi mein paal ke
داغ جگر ملا ہمیں گودی میں پال کے

Kis ko dikhaaoon apna kaleja nikaal ke
کس کو دکھاؤں اپنا کلیجہ نکال کے

"Call again, my son, for my sight is failing;
Light of my eyes, the strength of my body is failing;
Do not think that my love is any less;
My heart is wounded; my soul has lost its peace;
Having raised you in my arms, I am left with a scar on my heart;
To whom can I tear out my heart and show it?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

144

Aaoon kidhar ko ae Ali Akbar jawab do
آؤں کدھر کو اے علیؑ اکبر جواب دو

Chilla rahi hai deorhi pe madar jawab do
چلا رہی ہے ڈیوڑھی پہ مادر جواب دو

Akbar bara-e-Khaliq-e-akbar jawab do
اکبرؑ برائے خالقِ اکبر جواب دو

Beta jawab do mere dilbar jawab do
بیٹا جواب دو مرے دلبر جواب دو

Girte hain hum sawab ka haathon se kaam lo
گرتے ہیں ہم ثواب کا ہاتھوں سے کام لو

Beta zaeef baap ke bazu ko thaam lo
بیٹا ضعیف باپ کے بازو کو تھام لو

"Which way shall I come, Ali Akbar? Answer me;
Your mother is crying out at the entrance; answer me;
Akbar, for the sake of the Greatest Creator, answer me;
Son, answer me; my darling, answer me.
I am falling: do a deed of merit with your hands;
Son, hold up your aged father's arm."

145

Kuchh soojhta nahin ke kidhar jaaoon kya karoon
کچھ سوجھتا نہیں کہ کدھر جاؤں کیا کروں

Ae noor-e-chashm tujh ko kahan paaoon kya karoon
اے نورِ چشم تجھ کو کہاں پاؤں کیا کروں

Muztar hai jaan-o-dil kise samjhaaoon kya karoon
مضطر ہے جان و دل کسے سمجھاؤں کیا کروں

Kyun kar pisar ko dhoondh ke main laaoon kya karoon
کیوں کر پسر کو ڈھونڈھ کے میں لاؤں کیا کروں

Paaya tha muddaton mein jise khaak chhaan ke
پایا تھا مدتوں میں جسے خاک چھان کے

Wo laal hum ne kho diya jangal mein aan ke
وہ لال ہم نے کھو دیا جنگل میں آن کے

"I cannot see where to go; what shall I do?
Light of my eyes, where shall I find you? What shall I do?
My soul and heart are in torment; whom can I console? What shall I do?
How shall I find my son and bring him back? What shall I do?
He whom I gained after long years of sifting the dust,
That darling I have lost, coming to this wilderness."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

146

Bas ab khabar Husain ki le jald ae ajal
بس اب خبر حسینؑ کی لے جلد اے اجل

Ae jism-e-zaar, zeest ka baqi nahin mahal
اے جسم زار، زیست کا باقی نہیں محل

Ae jaan-e-natawan tan-e-majrooh se nikal
اے جانِ ناتواں تنِ مجروح سے نکل

Haan ae nafas chhuri ki tarah se gale pe chal
ہاں اے نَفس چھری کی طرح سے گلے پہ چل

Chhoote na us ka haath jo peeri ki aas ho
چھوٹے نہ اس کا ہاتھ جو پیری کی آس ہو

Laasha bhi laasha-e-Ali Akbar ke paas ho
لاشہ بھی لاشۂ علیؑ اکبر کے پاس ہو

"Enough: now come quickly for Husain, O death;
O wretched body, there is no more reason to live;
O feeble soul, leave this wounded body;
Yes, O breath, pass over my throat like a knife;
Let me not lose the hand of the one who was the hope of my old age;
Let my body too lie beside the body of Ali Akbar."

147

Jangal se be hawas phire nahr par gaye
جنگل سے بے حواس پھرے نہر پر گئے

Waan bhi jo wo guhar na mila soo-e-bar gaye
واں بھی جو وہ گہر نہ ملا سوئے بر گئے

Daure kisi taraf to kisi ja thehar gaye
دوڑے کسی طرف تو کسی جا ٹھہر گئے

Thaale mile lahu ke barabar jidhar gaye
تھالے ملے لہو کے برابر جدھر گئے

Tapka hua zameen pe jigar ka lahu mila
ٹپکا ہوا زمیں پہ جگر کا لہو ملا

Lekin kahin na wo pisar-e-maah ru mila
لیکن کہیں نہ وہ پسر ماہ رو ملا

Distraught, he came back from the wilderness and went to the river;
Not finding that pearl there either, he went towards the open land;
Now he ran one way, now stopped somewhere;
Wherever he went, he found pool after pool of blood;
He found the blood of a heart dripped upon the ground,
But nowhere did he find his moon-faced son.

Free to read, copy and share

148

Ja kar safon ke paas pukaare ba ashk-e-aah
جا کر صفوں کے پاس پکارے باشکِ آہ

Hai kis taraf mere Ali Akbar ki qatl gah
ہے کس طرف مرے علیؑ اکبر کی قتل گاہ

Ae zalimo, ye shab hai ke din ho gaya siyah
اے ظالمو، یہ شب ہے کہ دن ہو گیا سیاہ

Kis abr mein chhupa hai mera chaudhwin ka maah
کس ابر میں چھپا ہے مرا چودھویں کا ماہ

Batlao jaan hai ke nahin jism-e-zaar mein
بتلاؤ جان ہے کہ نہیں جسم زار میں

Zakhmi para hai sher mera kis kachhaar mein
زخمی پڑا ہے شیر مرا کس کچھار میں

Going up to the ranks, he called out with tears and sighs,
"Which way lies the place where my Ali Akbar was killed?
O tyrants, is it night, or has the day turned black?
In what cloud is my full moon hidden?
Tell me, is there still life in that wretched body?
In what thicket does my lion lie wounded?"

149

Laash-e-pisar ko dhoondhte the shah-e-bahr-o-bar
لاش پسر کو ڈھونڈھتے تھے شاہِ بحر و بر

Sar peetne ki ja hai ke hanste the ahl-e-shar
سر پیٹنے کی جا ہے کہ ہنستے تھے اہل شر

Kehta tha Shimr ae pisar-e-Sayyid-ul-bashar
کہتا تھا شمر اے پسر سید البشر

Kis ko Huzoor dhoondhte hain mar gaya pisar
کس کو حضور ڈھونڈھتے ہیں مر گیا پسر

Khud dhoondh lijiye jasad-e-paash paash ko
خود ڈھونڈھ لیجیے جسد پاش پاش کو

Batlaayen ge na hum Ali Akbar ki laash ko
بتلائیں گے نہ ہم علیؑ اکبر کی لاش کو

The King of sea and land was searching for his son's body;
It is a time to beat one's head: the wicked were laughing;
Shimr was saying, "O son of the Lord of mankind,
Whom are you looking for, sir? Your son is dead;
Find the shattered body yourself;
We will not show you Ali Akbar's body."

Printed from https://fzic.org/library/noha/kya-ghaziyan-e-fauj-e-khuda-naam-kar-gaye-50009 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.